حکومت کرناٹک

ندائے اُردو

زبانِ اوّل

برائے جماعت ہفتم

(ترمیم شدہ)

NIDA-E-URDU

Urdu First Language

7

Seventh Standard

PART-1

حصّۂ اوّل

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY (R.)
6th Cross, Malleshwaram.
Bengaluru- 560 003

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

نصابی کمیٹی برائے ہفتم جماعت زبان اوّل

☆محترمہ زہرہ جبین۔یم — صدر

پرنسپال کالج آف ٹیچر ایجوکیشن (سی،ٹی،ای) میسورو۔

☆ محترم ڈاکٹر طیّب علی خرادی — رکن

اُردو معاون معلم گورنمنٹ جونیئر کالج تیام گُنڈلو،نلمنگلہ،بنگلورو ۔دیہی ضلع۔

☆ محترم ایوب پاشاہ معاون معلم اُردو پرائمری اسکول نا گمنگل،منڈیا ضلع۔ — رکن

☆ محترم الیاس احمد ایم خواجہ پوری، اُردو سی۔آر۔پی طبیب لینڈ کلسٹر ہبّلی شہر۔ — رکن

☆ محترم ہدایت اُللہ ہیچ رَٹی ہلی، اُردو سی۔آر۔پی۔شگاؤں،ہاویری ضلع۔ — رکن

☆ محترم عبدالغفار، معاون معلم اُردو ماڈل پرائمری اسکول رام نگر ٹاؤن،رام نگر تعلق۔ — رکن

☆وینکٹیش ڈی۔ین، ڈرائینگ ٹیچر گورنمنٹ ہائی اسکول،اُرامارا کسلا گیرے۔منڈیا ۔ — مصوّر

ایڈیٹوریل بورڈ

ڈاکٹر مہ نور زمانی بیگم،سابق صدر شعبہ اُردو بنگلور یونیورسٹی بنگلورو۔

ڈاکٹر جہاں آرا بیگم،سابق صدر شعبہ اُردو کرناٹک اسٹیٹ اوپن یونیورسٹی میسورو۔

تنقیح کار محترم ڈاکٹر سید عبدالقدیر ناظم سرگروہ

مؤظف اسوسیٹ پروفیسر،مدینہ کالونی نمبر 67، 4th کراس،گاندھی نگر دھارواڑ۔

(صلاح کار)

☆ شری ناگیندرا کمار
مینیجنگ ڈائرکٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو۔

☆ شریمتی ناگامنی سی
ڈپٹی ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو۔

☆ شری موڈمبڑی تایا
کوآرڈینیٹر
کرناٹک ٹکسٹ بک سوسائٹی بنگلورو۔

☆ شری پانڈورنگا
سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر،
کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی بنگلور۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

Preface

The Textbook Society, Karnataka has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects namely mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities
- learning to shift from rote methods
- enriching the curriculum beyond textbooks
- learning experiences for the construction of knowledge
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences
- caring concerns within the democratic policy of the country
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries-integrated knowledge and the joy of learning
- the child is the constructor of knowledge

The new books are produced based on three fundamental approaches namely.

Constructive approach, Spiral Approach and Integrated approach

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

The most important objectives of teaching language are listening, speaking, reading, writing and reference work. These skills have been given a lot of importance in all the language textbooks. Along with the inculcation of these skills, fundamental grammar, opportunities for learners to appreciate beauty and imbibe universal life values have been integrated in language textbooks. When learners master these competencies, they would stop studying textbooks for the sake of passing examinations. In order to help learners master these competencies, a number of paired and group activities, assignments and project work have been included in the textbooks. It is expected that these activities would help learner master communicative skills. Ultimately, it is expected that students master the art of learning to learn and make use of these competencies in real life.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the chairpersons, writers, scrutinisers, artists, staff of DIETs and CTEs and the members of the Editorial Board and printers in helping the Text Book Society in producing these textbooks. A few works of some writers and poets have been included in these textbooks. The textbook society is extremely grateful to them for giving their consent for the inclusion of these pieces in the textbooks.

Prof. G S Mudambadithaya
Co - ordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru - 85

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

حرف اوّل

مالکِ حقیقی کا بے پناہ شکر ہے کہ اُس نے ہمیں علم کی روشنی بخشی اور اس کو سیکھنے کیلئے قرطاس وقلم عطا کیا ۔

حصولِ علم کے لئے درس وتدریس کا عمل بہت ضروری ہوتا ہے اور مادری زبان کی تدریس بہت اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔اس لئے ماہرین تعلیم و ماہرلسان نے اس بات پر زور دیا ہے کہ بچے کو اس کی مادری زبان میں تعلیم دی جائے تا کہ وہ بہ آسانی علم سے روشناس ہو۔اور تعلیم کے عظیم مقصد ''بہترین انسان بنانا'' کی تکمیل ہوتی ہے۔

یہ نصاب حکومتِ کرناٹک DSERT کے حکم پر قومی درسیاتی خاکہ (NCF2005) کے تحت تشکیل دیئے گئے نئے نصاب اور اس کے فراہم کردہ اصولوں وہدایات کی روشنی پر مبنی ہے۔یہ کتاب جماعت ہفتم کے لئے اُردو زبانِ اوّل کے نصاب میں بنام ''ندائے اُردو'' آپ کی خدمت میں پیش ہے۔اس کتاب میں تعلیم و تدریس کی صلاحیتوں کو جیسے کہ باطنی رویہ (Integrated Approach) ،تعمیری رویہ (Constructive Approach) اور (Sprial Apporacho) کی پیچیدگی آسان بنانے کا طریقہ ملحوظ رکھا گیا ہے۔

اس نصاب کو نئے زاویہ اور تقاضوں کے مطابق بنایا گیا ہے۔مشقیں بھی اسی انداز سے تیار کی گئی ہیں تا کہ طلباء نثر ونظم اور قواعد کو آسانی کے ساتھ سمجھتے ہوئے اُردو زبان وادب پر عبور حاصل کرسکیں اور اِن کی تحریری و تقریری صلاحیتوں میں بھی اضافہ ہو۔

نثر ونظم کے موضوع کی مناسبت سے رنگین تصاویر دی گئی ہیں اور موضوع ہی کی مناسبت سے ضمنی مضامین یا نظمیں بھی شامل ہیں تا کہ ان ضمنی مضامین ونظموں کو پڑھ کر خود اکتسابی کی کوشش کریں۔

اساتذہ سے ادباً گذارش ہے کہ طلبہ کو مناسب انداز میں اسباقِ نثر ونظم کو پڑھانے کے ساتھ ساتھ دی گئی مشقوں میں صحیح رہبری ورہنمائی فرمائیں تا کہ پڑھنے پڑھانے میں دلچسپی برقرار رہے اور ہماری کوششیں ثمر آور ہوں۔

صدر وارا کین نصابی کمیٹی

جماعت ہفتم زبان اوّل اُردو

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجالسِ نظرثانی برائے نصابی کتاب

صدرِ مجالس:

پروفیسر برگورراما چندرپّا، مجلسِ نظرثانی برائے ریاستی نصابی کتاب، کرناٹک ٹیکسٹ بک سوسائٹی (رجسٹرڈ) بنگلورو۔

مجلسِ نظرثانی

صدر:

پروفیسر سی۔سید خلیل احمد، چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف پی جی اسٹڈیز اینڈ ریسرچ اِن اردو، کوئمپو یونیورسٹی، سہیادری کالج، شیوا موگا-577 203

اراکین:

ڈاکٹر سید ثناء اللہ، اسوسیٹ پروفیسر اینڈ چیرمین، ڈپارٹمنٹ آف اردو، سہیادری سائنس کالج، شیوا موگا-3

محترمہ وحیدہ نسرین، ایجوکیشن آفیسر، ڈائرکٹریٹ برائے اردو اور دیگر اقلیتی لسانی مدارس، بنگلورو۔

جناب سلیمان خمار، ایل آئی جی-83 جال نگر، وجئے پورہ-586 101

جناب اختر سہیل، معاون معلم، فاروقیہ بوائس ہائی اسکول، تلک نگر، میسور-570 001

محترمہ مہرالنساء بیگم۔کے۔مکاندار، اردو معلّمہ، گورنمنٹ اردو ہائی اسکول، جمکھنڈی، ضلع باگل کوٹ۔

محترمہ سائرہ بانو، معاون معلّمہ، گورنمنٹ مسلم رسیڈنشیل اسکول، سری رنگاپٹن، ضلع منڈیا۔

محترمہ جبیبہ خانم، معاون معلّمہ، گورنمنٹ اردو لوئر پرائمری اسکول، یم۔کے۔محلّہ، رام نگر-562 159

محترمہ شمع پروین سوداگر، معاون معلّمہ، گورنمنٹ اردو لوئر پرائمری اسکول، گاندھی پور ضلع ہاویری-581 110

اعلیٰ مجلسِ نظرثانی

پروفیسر نورالدین، وظیفہ یاب پروفیسر، نمبر 1/13، سیکٹر 14، جیون بھیما نگر، بنگلورو-560 007

پروفیسر محمد اعظم شاہد، پروفیسر، گورنمنٹ فرسٹ گریڈ کالج، یلہنکا، بنگلورو-560 094

میر صلاح کار:

شری یم۔پی۔مادھے گوڈا : مینیجنگ ڈائرکٹر کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

شریمتی اُشا یم۔ڈی : ڈپٹی ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

پروگرام کوآرڈینیٹر:

شری موہن کمارا۔بی : سینئر اسسٹنٹ ڈائرکٹر، کرناٹک ٹکسٹ سوسائٹی (رجسٹر) بنگلورو-03

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ ಕುರಿತು

ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಬಗ್ಗೆ ಪ್ರಕಟಗೊಂಡ ಸಾರ್ವಜನಿಕ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ ಮಾನ್ಯ ಮುಖ್ಯಮಂತ್ರಿಯವರೂ ಅರ್ಥಸಚಿವರೂ ಆಗಿರುವ ಶ್ರೀ ಸಿದ್ದರಾಮಯ್ಯನವರು ತಮ್ಮ ೨೦೧೪-೧೫ ರ ಬಜೆಟ್‌ನಲ್ಲಿ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ರಚಿಸುವ ಘೋಷಣೆ ಮಾಡಿದರು. ತಜ್ಞರು ಅನುಸರಿಸಬೇಕಾದ ಮೂಲ ಆಶಯವನ್ನು ಹೀಗೆ ಹೇಳಿದರು: "ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯ, ನೈತಿಕಮೌಲ್ಯಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿತ್ವವಿಕಸನ, ವೈಜ್ಞಾನಿಕ ಮತ್ತು ವೈಚಾರಿಕ ಮನೋಭಾವ, ಜಾತ್ಯತೀತತೆ ಮತ್ತು ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಬದ್ಧತೆಗಳಿಗೆ ಅನುವಾಗುವಂತೆ ತಜ್ಞರ ಸಮಿತಿಯನ್ನು ಪುನರ್ ರಚಿಸಲಾಗುವುದು" ಇದು ಬಜೆಟ್ ಭಾಷಣದಲ್ಲಿ ಸಾದರಪಡಿಸಿದ ಆಶಯ.

ಆನಂತರ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಒಂದರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಾಗಿ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ದಿನಾಂಕ: ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ ರಂದು ಆದೇಶಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ವಿಷಯವಾರು ಮತ್ತು ತರಗತಿವಾರು ಮಾನದಂಡಕ್ಕನುಗುಣವಾಗಿ ರಚಿತವಾದವು. ವಿವಿಧ ಪಠ್ಯವಿಷಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರು, ಅಧ್ಯಾಪಕರು ಈ ಸಮಿತಿಗಳಲ್ಲಿದ್ದಾರೆ. ಈಗಾಗಲೇ ಲಿಖಿತವಾಗಿ ಬಂದಿರುವ ಅನೇಕ ಆಕ್ಷೇಪಗಳು ಮತ್ತು ವಿಶ್ಲೇಷಣೆಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ, ತಪ್ಪು ಒಪ್ಪುಗಳ ಬಗ್ಗೆ ನಿರ್ಣಯಿಸಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಹೊಣೆಹೊತ್ತ ಈ ಸಮಿತಿಗಳಿಗೆ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪಠ್ಯವಸ್ತುವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸಿ ನಂತರ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ೨೪.೧೧.೨೦೧೪ರ ಆದೇಶದಲ್ಲೇ ನೀಡಲಾಗಿತ್ತು. ಆನಂತರ ೧೯.೦೯.೨೦೧೫ ರಂದು ಹೊಸ ಆದೇಶ ಹೊರಡಿಸಿ 'ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಲ್ಲಿ ಪುನರ್ ರಚಿಸುವ' ಸ್ವಾತಂತ್ರ್ಯವನ್ನು ನೀಡಲಾಯಿತು. ಹೀಗೆ ಸಮಗ್ರ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೊಂಡ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ೨೦೧೬-೧೭ ರ ಬದಲು ೨೦೧೭-೧೮ನೇ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಲ್ಲಿ ಜಾರಿಗೊಳಿಸಲಾಗುವುದೆಂದು ಇದೇ ಆದೇಶದಲ್ಲಿ ತಿಳಿಸಲಾಯಿತು.

ಅನೇಕ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳೂ ಸಂಘಟನೆಗಳೂ ಸ್ವಯಂಪ್ರೇರಿತರಾಗಿ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮಾಹಿತಿದೋಷ, ಆಶಯದೋಷಗಳನ್ನು ಪಟ್ಟಿಮಾಡಿ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಚಿವರಿಗೆ, ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘಕ್ಕೆ ಕಳುಹಿಸಿದ್ದರು. ಅವುಗಳ ಪರಿಶೀಲನೆಮಾಡಿದ್ದಲ್ಲದೆ, ಸಮಿತಿಗಳಾಚೆಗೆ ಅನೇಕ ಸಂವಾದಗಳನ್ನು ಏರ್ಪಡಿಸಿ ವಿಚಾರ ವಿನಿಮಯ ಮಾಡಿಕೊಂಡಿದ್ದೇವೆ. ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಅಧ್ಯಾಪಕರ ಸಂಘಗಳ ಜೊತೆ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದಲ್ಲದೆ ಪ್ರಶ್ನಾವಳಿ ಸಿದ್ಧಪಡಿಸಿ ಅಧ್ಯಾಪಕರಿಗೆ ಕಳಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳನ್ನು ಸಂಗ್ರಹಿಸಲಾಗಿದೆ. ಅಧ್ಯಾಪಕರು, ವಿಷಯಪರಿವೀಕ್ಷಕರು ಮತ್ತು ಡಯಟ್ ಪ್ರಾಂಶುಪಾಲರ ಪ್ರತ್ಯೇಕ ಸಭೆಗಳನ್ನು ನಡೆಸಿ ವಿಶ್ಲೇಷಣಾತ್ಮಕ ಅಭಿಮತಗಳನ್ನು ಪಡೆಯಲಾಗಿದೆ. ವಿಜ್ಞಾನ, ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ, ಭಾಷೆ ಸಾಹಿತ್ಯಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ತಜ್ಞರಿಗೆ ಮೊದಲೇ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಕಳುಹಿಸಿ ಆನಂತರ ಸಭೆ ನಡೆಸಿ ಚರ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಮಹಿಳಾ ಸಂಘಟನೆ ಹಾಗೂ ವಿಜ್ಞಾನ ಸಂಬಂಧಿ ಸಂಸ್ಥೆಗಳನ್ನು ಆಹ್ವಾನಿಸಿ ಚಿಂತನೆ ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ. ಹೀಗೆ ಎಲ್ಲಾ ಮೂಲಗಳಿಂದ ಪಡೆದ ಅರಿವಿನ ಆಧಾರದ ಮೇಲೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಅಗತ್ಯವಿದ್ದಕಡೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಬಹುಮುಖ್ಯವಾದ ಇನ್ನೊಂದು ಸಂಗತಿಯನ್ನು ಇಲ್ಲಿ ಹೇಳಬೇಕು. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ (ಎನ್.ಸಿ.ಇ.ಆರ್.ಟಿ) ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ತೌಲನಿಕವಾಗಿ ಅಧ್ಯಯನ ಮಾಡಿ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ನೀಡಲು ವಿಜ್ಞಾನ, ಗಣಿತ ಮತ್ತು ಸಮಾಜವಿಜ್ಞಾನಕ್ಕೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ತಜ್ಞರ ಮೂರು

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಲಾಯಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ನೀಡಿದ ತೌಲನಿಕ ವಿಶ್ಲೇಷಣೆ ಮತ್ತು ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಆಧರಿಸಿ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟವನ್ನು ಹೆಚ್ಚಿಸಲಾಗಿದೆ. ಕೇಂದ್ರೀಯ ಶಾಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಿಗಿಂತ ನಮ್ಮ ರಾಜ್ಯದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಗುಣಮಟ್ಟ ಕಡಿಮೆಯಾಗದಂತೆ ಕಾಯ್ದುಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ. ಜೊತೆಗೆ ಆಂಧ್ರ, ತಮಿಳುನಾಡು, ಮಹಾರಾಷ್ಟ್ರ ರಾಜ್ಯಗಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಜೊತೆ ನಮ್ಮ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಇನ್ನೊಂದು ಸ್ಪಷ್ಟನೆಯನ್ನು ನೀಡಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ. ನಮ್ಮ ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿರುವುದು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೇ ಹೊರತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸಮಗ್ರ ರಚನೆಯಲ್ಲ. ಆದ್ದರಿಂದ ಈಗಾಗಲೇ ರಚಿತವಾಗಿರುವ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಸ್ವರೂಪಕ್ಕೆ ಎಲ್ಲಿಯೂ ಧಕ್ಕೆಯುಂಟುಮಾಡಿಲ್ಲ. ಲಿಂಗತ್ವ ಸಮಾನತೆ, ಪ್ರಾದೇಶಿಕ ಪ್ರಾತಿನಿಧ್ಯ, ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಸಮಗ್ರತೆ, ಸಮಾನತೆ, ಸಾಮಾಜಿಕ ಸಾಮರಸ್ಯಗಳ ಹಿನ್ನೆಲೆಯಲ್ಲಿ ಕೆಲವು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗಳು ನಡೆದಿವೆ. ಹೀಗೆ ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವಾಗ ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟು ಮತ್ತು ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳನ್ನು ಮೀರಿಲ್ಲವೆಂದು ತಿಳಿಸಬಯಸುತ್ತೇನೆ: ಜೊತೆಗೆ ನಮ್ಮ ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳನ್ನು ಅನುಸರಿಸಲಾಗಿದೆ. ಸಮಿತಿಗಳು ಮಾಡಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮತ್ತೊಮ್ಮೆ ಪರಿಶೀಲಿಸಲು ವಿಷಯವಾರು ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನ ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ ಅಭಿಪ್ರಾಯ ಪಡೆದು ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಹೀಗೆ ಕ್ರಮಬದ್ಧವಾಗಿ ನಡೆದ ಕೆಲಸಕ್ಕೆ ತಮ್ಮನ್ನು ತಾವು ಸಂಪೂರ್ಣ ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡ ೨೭ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಪರಿಶೀಲನಾ ಸಮಿತಿಯ ಸಮಸ್ತರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಅಂತೆಯೇ ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆಮಾಡಲು ಕಾರ್ಯಕ್ರಮ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಾಗಿ ನಿಷ್ಠೆಯಿಂದ ದುಡಿದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳನ್ನೂ ನೆನೆಯುತ್ತೇವೆ. ಸಹಕರಿಸಿದ ಸಿಬ್ಬಂದಿಗೂ ನಮ್ಮ ವಂದನೆಗಳು. ಅಭಿಪ್ರಾಯ ನೀಡಿ ಸಹಕರಿಸಿದ ಸರ್ವ ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮತ್ತು ತಜ್ಞರಿಗೆ ಧನ್ಯವಾದಗಳು.

ಎಂ.ಪಿ. ಮಾದೇಗೌಡ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

(ಪ್ರೊ. ಬರಗೂರು ರಾಮಚಂದ್ರಪ್ಪ)
ಸರ್ವಾಧ್ಯಕ್ಷರು
ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ (ರಿ)
ಬೆಂಗಳೂರು–೮೫

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Foreword

In the pursuit of fostering a healthier and more balanced educational journey, we present this initiative aimed at reducing the weight of school bags. Education is the cornerstone of progress and it is our responsibility to ensure that the pursuit of knowledge is accompanied by the wellbeing of students.

As a first step, to reduce the burden of heavy bags, the School Education Department, Government of Karnataka has decided to print semester-wise textbooks in 2 parts i.e., Summative Assessment 1 and 2. This intervention will help significantly in reducing the weight of school bags.

This Endeavour signifies a paradigm shift, acknowledging the strain posed by bulky bags on students.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Manjushree. N. IAS
Managing Director
Karnataka Textbook Society (R.)



فہرستِ مضامین

اکائی	شمار	عنوان	صنف	مُصنف	صفحہ نمبر
I	1	حمد	نظم	حضرت نیرؔ ربّانی	1
	2	بہادر خاتون	نثر (مضمون)	ادارہ	9
II	3	ماں کا خواب	نظم	علامہ اقبالؔ	16
	4	جنگِ آزادی	نثر (مضمون)	ادارہ	25
III	5	مرغِ اسیر کی نصیحت	نظم	پنڈت دیا شنکر نسیمؔ	35
	6	اے ٹی ایم	نثر (مضمون)	ادارہ	44
IV	7	کبوتر	نظم	محمد غوث خطیبؔ	51
	8	حاتم کی سخاوت	نثر (ماخوذ)	میر امن دہلوی	60
V	9	غزل	نظم	میر تقی میرؔ	72
	10	گدھے کی حجامت	(ماخوذ)	ڈاکٹر اظہار افسر	82
--	--	گنجینۂ الفاظ	--	--	94

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

U8U7W7

سبق:1

حمد

حضرت نیّر ربّانی

اشارے:

- ☆ اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلباء نظم کو سمجھ رہے ہیں۔
- ☆ ہم قافیہ الفاظ پہچاننے اور لکھنے کی ترغیب دیں۔
- ☆ حمدِ باری تعالیٰ کے متعلق جانکاری دیں۔ اِسی طرح کی نظموں کو اکھٹا کرائیں۔
- ☆ نظم کو ترنم سے بلند آواز میں ادا کریں۔ اجتماعی اور انفرادی طور پر نغمہ سرائی کروائیں۔
- ☆ تلفظ کا خاص خیال رکھیں اور آسان مثالوں کے ساتھ قواعد سمجھائیں۔



NOT TO BE REPUBLISHED @KTS

مرے خدائے مہرباں، تو کار سازِ دوجہاں — ترا کرم ہے بے کراں، تُو رب ذوالجلال ہے
کوئی نہیں ترے سوا، جو دے کسی کو آسرا — اگر نہیں تری رضا، تو زندگی وبال ہے

تُو ہر طرف ہے ضوفگن ، افق افق ، کرن کرن
جبل جبل ، دمن دمن ، کلی کلی ، چمن چمن
تجھی سے کیف رنگ و بُو ، رواں تجھی سے آب جُو
ہر ایک سمت تُو ہی تُو ، تُو مرکزِ جمال ہے

یہ مہر ماہ و کہکشاں ، یہ نیلا نیلا آسماں
یہ دَشت و بحرِ بے کراں ، یہ مسکراتی وادیاں
ملی ہے تجھ سے روشنی تجھی سے نظمِ زندگی
محال تیری ہمسری ، تُو ربِ بے مثال ہے

تری نوا زشوں کا در ، کھلا ہے خاص و عام پر
تُو کردگار بحر و بر ، نفس نفس ، نظر نظر
عیاں بھی تُو نہاں بھی تُو ، یہاں بھی تُو وہاں بھی تُو
مکاں و لا مکاں بھی تُو ، تُو حسنِ لازوال ہے

تیرے حبیب مُصطفیٰؐ ، شہِ اُمم شہ ھُدیٰ
وہ جن پہ جاں و دل فدا ، غلام نیّر آپؐ کا
تُو چارہ گر ، گرہ کُشا ، کرم ہو اس پہ اے خدا
یہی ہے تجھ سے التجا ، یہی تو عرضِ حال ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعارف:

نام: محمد اسماعیل تخلص: نیّر لقب : ربّانی

23/ مارچ 1923ء کو میل وشارم ، ریاست تمل ناڈو میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اسلامیہ ہائی اسکول میل وشارم میں ہوئی۔ اعلیٰ تعلیم محمڈن آرٹس کالج مدراس میں پائی۔ ایم اے، افضل العلماء اور ہندی کے اعلیٰ امتحانات پاس کئے ۔ گیارہ سال تک اسلامیہ ہائی اسکول میں درس و تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے۔ 1960ء میں دارالعلوم سبیل الرشاد عربک کالج بنگلور کے بانی رکن ہوئے اور آخری سانس تک اس ادارے سے وابستہ رہے۔ آپ کو بیک وقت اُردو، عربی، فارسی، انگریزی، کنڑا، ملیالم اور تمل زبانوں پر عبور حاصل تھا۔ آپ کے کلام میں شیرینی اور حلاوت پائی جاتی ہے۔ نظم و نثر پر آپ کو یکساں عبور تھا۔ آپ کی وفات 5/ اکتوبر 1993ء کو ہوئی۔

I : (الف) الفاظ و معنی:

بے کراں = بہت زیادہ کیف = حالت، کیفیت

ذوالجلال = مرتبے والا

ضوفگن = روشنی پھیلانے والا

اُفق = وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

جبل = پہاڑ

دمن = ٹیلا، چھوٹی پہاڑی

بحر و بر = تری اور خشکی

کِردگار = خالق، اللہ تعالیٰ

عیاں = ظاہر

حبیب = دوست

شہ = بادشاہ

ھُدیٰ = سیدھا راستہ

فدا = قربان

چارہ گر = مشکل آسان کرنے والا

گِرہ کشا = مشکل دور کرنے والا

نظر = نگاہ

اُمم = امت کی جمع

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ب : مرکبات:

کارسازِ دو جہاں = دنیا اور آخرت کے کام بنانے والا

مرکزِ جمال = خوبصورتی کا مرکز

بحرِ بے کراں = نہایت وسیع دریا

حسنِ لازوال = نہ ختم ہونے والا حسن

شہ اُمم = امتوں کے بادشاہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب

شہ ھُدیٰ = سیدھے راستے کے سردار یا بادشاہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ج : معنوی/معنوی فرق لکھئے۔

دَم : سانس دُم : جانور کی پونچھ

سماں : منظر سماء : آسمان

دِل : قلب دَل : موٹائی، جسامت

عرض : گذارش ارض : زمین

د : ان الفاظ کی ضد لکھئے:

کرم × ..... خاص × .....

روشنی × ..... مکاں × .....

زندگی × ..... عیاں × .....

د : جمع لکھئے:

کلی + ...

مرکز + ...

وادی + ...

نوازش + ...

نظر + ...

ہ : مترادفات لکھئے:

وبال = ...

کیف = ...

دشت = ...

محال = ...

التجا = ...

نفس = ...

II : (الف) ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے:

۱۔ دونوں جہاں پر مہربان کون ہے؟

۲۔ اللہ کی روشنی کہاں کہاں ہے؟

۳۔ اللہ کی نوازشوں کا درس پر کھلا ہوا ہے؟

۴۔ شاعر کی التجا کیا ہے؟

۵۔ شہِ اُمم وشہِ ھُدیٰ کون ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ب : مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ اللہ کو مرکزِ جمال کہا جاتا ہے۔ کیوں؟

۲۔ اللہ تعالیٰ کو ربِّ بے مثال کہا جاتا ہے کیوں؟

ج : مصرعے مکمل کیجئے:

مرے.....مہرباں ، تو.....دو جہاں

ملی ہے.....روشنی ، تجھی سے.....زندگی

تری.....کا در ، کھلا ہے.....پر

د : اشعار کا مطلب لکھئے:

کوئی نہیں ترے سوا، جو دے کسی کو آسرا
اگر نہیں تری رضا، تو زندگی وبال ہے

ملی ہے تجھ سے روشنی، تجھی سے نظمِ زندگی
محال تیری ہمسری، تُو ربِ بے مثال ہے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III : اس حمد کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

خدا کی حمد ہے میری زباں پر — حکومت جس کی ہے کون ومکاں پر
زمین و آسماں پیدا کیا ہے — اُسی نے کُل جہاں پیدا کیا ہے
نہیں ہے اُس کی قدرت کی کوئی حد — پرے ہے وہم سے بھی اس کی سرحد
زباں کیا کرسکے تعریف اُس کی — قلم کیا لکھ سکے توصیف اُس کی
نظر اور فکر جاتی ہے جہاں تک — نشانی اُس کی پھیلی ہے وہاں تک
فلک پر چاند سورج اور ستارے — زمیں پر پیارے پیارے ہیں نظارے
چمکتے ہیں کہیں شبنم کے موتی — کہیں ہے اوس مُنہ پھولوں کا دھوتی
ہَوائیں ٹھنڈی ٹھنڈی تازہ و تر — چھڑکتی ہیں فضائیں مُشک وعنبر

جہاں کے ذرّے ذرّے کی زباں پر
اُسی کا نام رہتا ہے برابر

۱۔ حمد کسے کہتے ہیں؟

۲۔ کون ومکاں پر کس کی حکومت ہے؟

۳۔ خدا کی نشانی کہاں تک پھیلی ہوئی ہے؟

۴۔ اوس کیا کرتی ہے؟

۵ فضائیں کیا چھڑکتی ہیں؟

۶۔ اس نظم میں آئے ہوئے قافیہ اور ردیف کی فہرست بنائیے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

☆ حروف : حرف کی جمع حروف ہے۔

☆ تعریف : وہ سادہ آوازیں جن کو علامتوں کے ذریعہ لکھا جاتا ہو وہ حروف کہلاتے ہیں۔
ان حروف کے مجموعے کو ''حروف ہجا'' یا حروفِ تہجی کہتے ہیں۔

قسمیں: حروف کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) سادہ حروف (۲) مخلوط حروف

پھر ان سادہ حروف کی بھی دو قسمیں ہیں

(۱) حروفِ صحیح (۲) حروف علّت

حروفِ صحیح :

ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ
د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش ص ض
ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م ن ہ

حروف علّت :

ا و ی ان کو علامات (ے ِ ُ) میں بھی لکھا جاتا ہے۔

مخلوط حروف :

بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ
ڑھ کھ گھ لھ مھ نھ

مثال :

بھالو کا بھ ، پھل کا پھ
جھاڑ کا جھ ، گھر کا گھ

☆☆☆

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:2

بہادُر خاتون

اشارے:

- ☆ خواتین کی بہادری اور اُن کے جذبۂ ایثار کو ظاہر کرنا۔
- ☆ چاند بی بی ، رضیہ سُلطانہ اور کتور رانی چنّا وغیرہ کی بہادری کے واقعات سُناتے ہوئے اس مضمون کی تدریس کے لئے فضا تیار کرنا۔
- ☆ بہادُر خواتین کی تصاویر اکھٹا کروانا اور تصاویر سے متعلق چھوٹے مضامین لکھوانا۔
- ☆ بچوں سے بہادُر خواتین سے متعلق تقاریر کروانا۔
- ☆ قواعد کو علاحدہ نہ پڑھاتے ہوئے مضمون کے ساتھ پڑھانا۔

حضرت صُفیہؓ بنت عبدالمطلبؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی اور سیدالشہداء حضرت حمزہؓ کی حقیقی بہن تھیں ۔ نبوت کے اعلان کے بعد حضرت محمد ﷺ نے دین حق کی دعوت دینی شروع کی تو انہوں نے بلا تامل مذہبِ اسلام قبول کرلیا۔

غزوۂ احزاب جنگِ خندق کے نام سے مشہور ہے ۔عرب کے سارے مشرکین اور یہودیوں نے متحد ہوکر مرکز اسلام پر حملہ کردیا، تاکہ مسلمان ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائیں۔مسلمانوں کے لئے یہ بہت بڑی آزمائش کی گھڑی تھی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتہ چلا تو دفاعی کارروائی کے لئے صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا۔حضرت سلمان فارسیؓ نے مشورہ دیا کہ مدینے کے اطراف ایک گہری خندق کھودی جائے ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ بہت پسند آیا۔آپؐ نے تمام صحابہ کرامؓ کے ساتھ مل کر خندق کھودی ۔ کفّار ومشرکین کے لشکر مدینے کے اطراف جمع ہوگئے اور یہ دیکھ کر حیران تھے کہ مدینے کے اطراف ایک گہری خندق کھودی گئی ہے۔ایسی خندق انہوں نے پہلی بار دیکھی تھی۔

مسلمان مرد آپؐ کے ساتھ جنگ میں شامل تھے۔عورتوں اور بچوں پر مدینے کے یہودی بنوقریظہ

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTES

کے حملے کا خدشہ تھا۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ نے سب عورتوں اور بچوں کو ایک قلعہ میں منتقل فرما دیا۔ اس قلعہ کا نام فارع یا اطم تھا حسان بن ثابتؓ کو بطور محافظ نگرانی پر مامور فرمایا۔ یہودیوں نے موقع کو غنیمت جان کر عورتوں اور بچوں پر حملے کا اِرادہ کیا اور ایک یہودی حالات معلوم کرنے کے لئے قلعہ پر پہنچا حضرت صفیہؓ نے کہیں سے اُسے دیکھ لیا اور سمجھ گئیں کہ یہ شخص دُشمن کا جاسوس ہے۔ حضرت صفیہؓ نے نگران قلعہ حضرت حسان بن ثابتؓ سے کہا کہ یہ یہودی جاسوس معلوم ہوتا ہے۔ تم قلعہ سے باہر نکلو اور اس کو قتل کر دو۔

حضرت حسان بن ثابتؓ بہت ضعیف تھے۔ ضعیفی کی وجہ سے وہ ہمت نہ کر سکے اور حضرت صفیہؓ سے کہا کہ اگر میں لڑنے کے قابل ہوتا تو کیا اس وقت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نہ ہوتا؟ اس وقت حضرت صفیہؓ نے ایک خیمہ کا کھونٹا اپنے ہاتھ میں لیا اور خود باہر نکل کر اُس یہودی کا سر کچل دیا۔ وہ وہیں ڈھیر ہو گیا۔ واپس آ کر حضرت حسان بن ثابتؓ سے کہا کہ تم اُس کا سب مال لے آؤ اور اس کا سر بھی کاٹ کر لے آؤ حضرت حسان بن ثابتؓ کمزور ہو گئے تھے جس کی وجہ سے وہ ہمّت نہ کر سکے تو دوبارہ حضرت صفیہؓ باہر تشریف لے گئیں اور اُس کا سر کاٹ کر قلعہ سے باہر یہودیوں کے مجمع میں پھینک دیا۔ یہودی یہ منظر دیکھ کر کہنے لگے کہ ہم تو پہلے ہی سے سمجھ چکے تھے کہ محمد ﷺ عورتوں کو بالکل تنہا نہیں چھوڑ سکتے۔ ضرور ان کے محافظ مرد اندر موجود ہوں گے۔ اس بہادر خاتون کی شجاعت و دلیری نے ایک بہت بڑا خطرہ ٹال دیا اور تمام مسلمان عورتیں اور بچے یہودیوں کے ظلم و ستم سے بچ گئے۔

حضرت صفیہؓ نے غزوۂ احد میں بھی اپنی بہادری اور صبر کا امتحان اس طرح دیا کہ اس جنگ میں مسلمانوں کی ایک اتفاقی غلطی سے جنگ کا پانسہ ہی پلٹ گیا اور مسلمانوں میں انتشار پھیل گیا تو حضرت صفیہؓ تنِ تنہا ہاتھ میں نیزہ لئے مدینے سے نکلیں جو مسلمان میدانِ جنگ سے منہ موڑ کر مدینہ آ رہے تھے۔ اُن کو شرم و غیرت دِلائی اور انہیں یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ رسول ﷺ کو چھوڑ کر تم کہاں جا رہے ہو؟ آپؓ کے کہنے پر پھر وہ لوگ جنگ میں شامل ہو گئے۔

اس جنگ میں حضرت صفیہؓ کے حقیقی بھائی سید الشہداء حضرت حمزہؓ شہید ہو گئے۔ ہندہ بنت عُتبہ نے اپنے باپ عُتبہ (جو جنگ بدر میں قتل کیا گیا تھا) کا انتقام لینے کے لئے حضرت حمزہؓ کی لاش چیر پھاڑ کر آپؓ کے ناک کان وغیرہ کاٹ ڈالے اور یہاں تک کہ سینہ چاک کر کے کلیجہ نکال کر چبا ڈالا۔

© NOT TO BE REPUBLISHED

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حضرت صفیہ ؓ کو میدان جنگ کی طرف آتے ہوئے دیکھا تو آپؓ کے فرزند زبیر بن عوامؓ کو بلا کر ارشاد فرمایا کہ اپنی والدہ حضرت صفیہؓ کو روکو، وہ اپنے بھائی حمزہؓ کی لاش کو اس حالت میں دیکھ نہ پائیں گی۔ جب حضرت زبیرؓ نے اپنی ماں کو حضورؐ کے ارشاد سے واقف کروایا تو وہ سمجھ گئیں اور کہا کہ میں صبر کروں گی اور ان شاءاللہ ضبط سے کام لوں گی۔ پھر حضورؐ نے انہیں حضرت حمزہؓ کی لاش دیکھنے کی اجازت دیدی، وہ پُرنم آنکھیں لئے لاش پر آئیں۔ اپنے محبوب بھائی کے جسم کے بکھرے ہوئے ٹکڑے دیکھ کر ایک سرد آہ بھری اور خاموش ہوگئیں اور ان کے لئے دُعائے مغفرت مانگیں اور دو چادریں حضورؐ کی خدمت میں پیش کر کے مدینہ واپس چلی گئیں۔

I : (الف) الفاظ و معنی:

نبی = اللہ کا پیغام پہنچانے والے، اللہ کے احکام و ہدایات کی خبر دینے والا

محافظ = حفاظت کرنے والا

بِلا تامل = ہچکچاہٹ کے بغیر

شجاعت = بہادری

غزوہ = وہ جنگ جس میں حضورؐ خود شامل ہوں

انتشار = گھبراہٹ، تتر بتر ہونا، بکھر جانا

حقیقی = اصلی

خندق = کھائی، گڑھا

خدشہ = ڈر، خوف

جاسوس = راز بھید معلوم کرنے والا

ضعیف = کمزور، بوڑھا

ڈھیر ہونا = ختم ہونا، تھک جانا، بے جان ہو کر گر پڑنا

کھونٹا = میخ، کیل

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II : (الف) مثال کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں میں اضداد کی نشاندہی کیجئے اور لکھئے:

مثال: نادان دوست سے دانا دشمن اچھا ہے۔

۱۔ جوان جنگ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ضعیف لوگ بچوں اور عورتوں کی دیکھ بھال کرتے۔

۲۔ صحیح جانکاری نہ ہونے کی وجہ سے غلط فہمی پیدا ہوگئی تھی۔

۳۔ جنگ خندق میں حق اور باطل کا فیصلہ ہونا تھا۔

۴۔ آپؐ دوست ہی نہیں دُشمن کے ساتھ بھی اچھا سلوک کرتے تھے۔

(ب) ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے:

۱۔ حضورؐ سے حضرت صفیہؓ کا کیا رشتہ تھا؟

۲۔ اعلانِ نبوت کے بعد حضرت محمد ﷺ نے کس بات کی دعوت دی؟

۳۔ غزوۂ احزاب کس نام سے مشہور ہے؟

۴۔ حضرت سلمان فارسیؓ کا مشورہ کیا تھا؟

۵۔ عورتوں اور بچوں کو کہاں منتقل کیا گیا؟

۶۔ یہودی قلعہ کے قریب کس مقصد سے آیا تھا؟

(ج) دو یا تین جملوں میں سوالوں کے جواب لکھئے:

۱۔ مشرکین اور یہودیوں کا مقصد کیا تھا؟

۲۔ عورتوں اور بچوں کو قلعہ میں کیوں منتقل کیا گیا؟

۳۔ حضرت صفیہؓ نے عورتوں اور بچوں کی حفاظت کس طرح کی؟

۴۔ غزوۂ احد میں حضرت صفیہؓ نے کس طرح غیرت دلائی؟

۵۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہؓ کو میدان جنگ میں آنے سے کیوں روکا؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. (الف) خانہ پُری کیجئے:

۱۔ غزوۂ احزاب.....کے نام سے مشہور ہے۔

۲۔ یہودی.....معلوم کرنے کے لئے قلعہ پر پہنچا۔

۳۔ .....یہودیوں کے ظلم وستم سے بچ گئے۔

۴۔ .....حضرت صفیہؓ کے حقیقی بھائی تھے۔

۵۔ اپنے محبوب بھائی کے جسم کے.....دیکھ کر ایک سرد آہ بھری اور خاموش ہوگئیں۔

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد اور جمع کی جوڑ لگایئے:

(الف)		(ب)
۱۔ خطرہ	i)	ٹکڑے
۲۔ حالات	ii)	عورتیں
۳۔ مشرکین	iii)	اوقات
۴۔ ٹکڑا	iv)	خطرات
۵۔ عورت	v)	حالت
۶۔ وقت	vi)	مشرک

(ج) ان مذکر الفاظ کے مونث اور مونث الفاظ کے مذکر لکھئے:

عَنہُ : ..... گہرا : ..... یہودی :..... عورت :.....

(د) جملوں میں استعمال کرو:

۱۔ ڈھیر ہونا

۲۔ ہمت

۳۔ شجاعت

۴۔ امتحان

۵۔ میدان جنگ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ھ) متن کے حوالے سے وضاحت کیجئے: (کس نے کس سے کہا)

۱۔ ''تم قلعہ سے باہر نکلو اور اُس کو قتل کر دو۔''

۲۔ ''اگر میں لڑنے کے قابل ہوتا تو کیا اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہ ہوتا؟''

۳۔ ''اپنی والدہ حضرت صفیہؓ کو روکو۔''

IV: لسانی سرگرمی:

ہدایت: مندرجہ ذیل الفاظ کو پڑھئے اور غور کیجئے کہ بعض الفاظ کا پہلا حرف نکالنے سے اور چند الفاظ کا آخری حرف الگ کرنے سے نئے الفاظ بنتے ہیں، انھیں نیچے لکھئے۔

مثال: داب = اب

عرب	والدہ	غیرت	اسلام	تلوار
ہمّت	کچل	لشکر	دلیری	پہل
مسلمان	بدر	تشریف	دینی	گُمان
الگ	شرم	سمجھ	جمع	قتل

....

....

....

....

....

....

....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V : اس عبارت کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے جواب لکھئے:

''آپ ﷺ سے محبت''

ایک مرتبہ جنگ میں حضورؐ کو سخت چوٹیں آئیں اور آپؐ کے دندانِ مبارک شہید ہو گئے۔ مدینے میں یہ افواہ پھیل گئی کہ آپؐ شہید ہو گئے۔

یہ خبر سُن کر مدینے کے لوگ بے چین ہو گئے اور اپنے گھروں سے باہر نکل آئے۔ انہیں میں ایک نیک بی بی تھیں۔ جو حضورؐ سے محبت کرتی تھیں۔ وہ آپؐ کی محبت میں بے تاب ہو کر میدانِ جنگ کی طرف دوڑنے لگیں۔ راستے میں انہیں معلوم ہوا کہ ان کے بھائی، باپ اور شوہر تینوں مارے گئے ہیں، لیکن وہ صبر کے ساتھ پوچھتی رہیں کہ بتاؤ محمد ﷺ کا کیا حال ہے۔ انہیں پتہ چلا کہ آپؐ زندہ و سلامت ہیں تو انہوں نے خدا کا شکر ادا کیا، جب انہوں نے اپنی آنکھوں سے خود حضورؐ کو دیکھ لیا تو پُکار اُٹھیں آپؐ کے ہوتے سب گوارا ہے۔

سوالات:

۱۔ جنگ کے میدان میں کیا افواہ پھیلی؟ ۲۔ مدینے کے لوگ کیوں بے چین تھے؟

۳۔ راستے میں عورت کو کیا خبر ملی؟ ۴۔ حضورؐ کو دیکھنے کے بعد اُس عورت نے کیا کہا؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

کلمہ:

جو بات ہمارے منہ سے نکلتی ہے اُسے کلمہ کہتے ہیں۔ کلمہ کی دو قسمیں ہیں (۱) مستقل کلمہ (۲) مہمل

(۱) مستقل کلمہ: جو لفظ با معنیٰ ہوں اُسے مستقل کلمہ کہتے ہیں۔

مثال: قلم، کتاب، انسان، جانور، وغیرہ۔

(۲) مہمل: جو لفظ با معنیٰ نہ ہوں اُسے مہمل کہتے ہیں۔

مثال: کھانا وانہ، پانی وانی، قلم ولم، وغیرہ۔

وضاحت: مندرجہ بالا مثالوں میں 'وانہ، وانی اور ولم مہمل الفاظ ہیں کیونکہ ان الفاظ کا کوئی مطلب نہیں ہے۔

سبق:3

ماں کا خواب

B3U4M2

علامہ محمد اقبالؔ

اشارے:

☆ انسانی ہمدردی، انسانی اقدار اور اخلاق کے متعلق جانکاری دیں۔

☆ نظم سننے کے بعد کیا؟ کیسے؟ کیوں؟ جیسے سوال کے جواب دینے کی ترغیب دیں۔


☆ نظم میں پیش کئے گئے ترتیب وار واقعات طلباء سمجھ رہے ہیں یا نہیں اس پر غور کریں۔

☆ آسان مثالوں کے ساتھ قواعد سمجھائیں اور املا نویسی کروائیں۔

☆ نظم کو ترنم سے انفرادی اور اجتماعی طور پر پڑھوائیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میں سوئی جو اک شب تو دیکھا یہ خواب
بڑھا اور جس سے مرا اضطراب
یہ دیکھا کہ میں جارہی ہوں کہیں
اندھیرا ہے اور راہ ملتی نہیں
لرزتا تھا ڈر سے مرا بال بال
قدم تھا کہ دہشت سے اٹھنا محال
جو کچھ حوصلہ پا کے آگے بڑھی
تو دیکھا قطار ایک لڑکوں کی تھی



زمرّد سی پوشاک پہنے ہوئے
دیے سب کے ہاتھوں میں جلتے ہوئے
وہ چپ چاپ تھے آگے پیچھے رواں
خدا جانے جانا تھا ان کو کہاں؟
اسی سوچ میں تھی کہ میرا پسر
مجھے اس جماعت میں آیا نظر
وہ پیچھے تھا اور تیز چلتا نہ تھا
دیا اس کے ہاتھوں میں جلتا نہ تھا
کہا میں نے پہچان کر میری جان !
مجھے چھوڑ کر آگئے تم کہاں؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



جدائی میں رہتی ہوں میں بے قرار
پروتی ہوں ہر روز اشکوں کے ہار
نہ پروا ہماری ذرا تم نے کی
گئے چھوڑ اچھی وفا تم نے کی

جو بچے نے دیکھا مرا پیچ و تاب
دیا اس نے مُنہ پھیر کر یوں جواب
رُلاتی ہے تجھ کو جدائی مری
نہیں اس میں کچھ بھی بھلائی مری

یہ کہہ کر وہ کچھ دیر تک چُپ رہا
دیا پھر دکھا کر یہ کہنے لگا
سمجھتی ہے تُو ہو گیا کیا اسے
ترے آنسوؤں نے بجھایا اسے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تخلیق کار



علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبالؔ بمقام سیالکوٹ 9 نومبر 1877ء میں پیدا ہوئے انہوں نے سیالکوٹ ہی میں امتیاز کے ساتھ انٹرنس کا امتحان پاس کیا پھر لاہور میں اعلیٰ تعلیم پائی۔ کچھ دنوں بعد وہ یوروپ گئے اور انگلستان سے قانون کی ڈگری لی اور جرمنی سے فلسفہ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔

☆ ابتدائی تعلیم کے زمانے ہی سے اقبالؔ شعر کہنے لگے تھے۔ اقبالؔ نے شاعری کی ابتدا غزل سے کی اور داغؔ سے اصلاح لی۔ آگے چل کر انہوں نے شاعری کو اپنے پیغام اور فکر کے اظہار کا ذریعہ بنایا وہ حرکت و عمل اور خودی کی تعلیم دیتے ہیں اور ان خوبیوں کو انسانیت کی بقا کیلئے ضروری سمجھتے ہیں۔ اُردو میں ان کے مجموعے بانگ درا، بال جبرئیل، ضربِ کلیم، ارمغانِ حجاز ہیں۔ اقبالؔ کی وفات 21 اپریل 1938ء کو صوبہ پنجاب لاہور میں ہوئی

بانگ درا میں علامہ اقبالؔ نے بچوں کے لئے بڑی خوبصورت، سبق آموز اور دلچسپ نظمیں لکھی ہیں۔ جن میں ہمدردی، ایک پرندہ اور جگنو، بچّے کی دعا، چاند اور تارے، اور ہندوستانی بچوں کا قومی گیت ''سارے جہاں سے اچھا ہندوستان ہمارا'' مشہور ہیں۔ ''ماں کا خواب'' نظم میں انہوں نے یہ بتایا ہے کہ ماں کی محبت و شفقت اپنی اولاد سے کس حد تک ہوتی ہے اور اولاد کی جدائی کے منظر کو بڑے ہی درد بھرے انداز میں بیان کیا ہے۔

© KTES NOT TO BE REPUBLISHED

I : (الف) الفاظ و معنی:

شب	=	رات	اضطراب	=	بے قراری، بے چینی
راہ	=	راستہ	دہشت	=	ڈر، خوف، خطرہ
محال	=	ناممکن	حوصلہ	=	ہمت، دلیری
زمرّد	=	سبز رنگ کا قیمتی پتھر	پوشاک	=	لباس
دیا	=	چراغ، دیپ	رواں	=	بہتا ہُوا، جاری
پِسر	=	بیٹا، فرزند	اشک	=	آنسو

پیچ و تاب کھانا = (محاورہ) دل ہی دل میں غم و غصّہ سے گُھٹنا، بیقرار ہونا

(ب) ذو معنی الفاظ:

سُوئی = کپڑے سینے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

سوئی = سوئی ہوئی، خوابیدہ

دِیا = چراغ

دِیا = دینے کے معنوں میں

نظر = بغور دیکھنا۔ نگاہ، آنکھ

نظر = نظر لگنا (بُری نظر سے دیکھنا) غلط ارادے سے کسی چیز کو دیکھنا۔

تیز = دھاردار

تیز = جلد، شتاب

ہار = شکست، مات

ہار = پھولوں یا موتیوں کی مالا

(ج) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے:

قدم ..... قطار ..... پوشاک .....

خواب ..... دیا ..... اشکوں .....

(د) نیچے لکھے ہوئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

اضطراب ، محال ، جماعت ، پیچ وتاب ، تیز

(ھ) ان الفاظ کی ضد لکھئے:

وفا× ..... شب× ..... جدائی× ..... بے قرار× .....

دُور× ..... جواب× .....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

II: (الف) ان سوالوں کے جواب ایک ایک جملے میں لکھئے:

۱۔ بچّے کا لباس کس طرح کا تھا؟

۲۔ ماں نے اپنے بچے کو کہاں دیکھا؟

۳۔ ماں نے اپنے بیٹے کو کس حال میں پایا؟

۴۔ ماں بچّے کی جدائی میں کس طرح رہتی تھی؟

۵۔ بچّے کے دیے کو کس نے بُجھا دیا؟

(ب) ان سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ لڑکوں کی قطار میں اپنے بیٹے کو پیچھے دیکھ کر ماں بچّے سے کیا کہتی ہے؟

۲۔ ماں کی بیقراری کا سبب کیا ہے؟

۳۔ لڑکے کا دِیا نہ جلنے کی وجہ کیا تھی؟

(ج) مصرعے مکمل کیجئے:

میں سوئی جو..... یہ خواب

بڑھا اور..... مرا اضطراب

زمردسی..... پہنے ہوئے

دیے سب کے..... جلتے ہوئے

وہ پیچھے..... چلتا نہ تھا

دیا اس..... جلتا نہ تھا

(د) املا دُرست کیجئے:

خاب، اضتراب، راح، مہال، حوسلہ، خطار، پتّر، جودائی

(ھ) ''ماں کا خواب'' نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے:

(و) اس نظم کو اپنے اسکول کے اسٹیج پر ڈرامے کی صورت میں پیش کیجئے:

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III: لسانی سرگرمیاں

(الف) نیچے دیئے گئے الفاظ کی ہر قطار میں کم از کم تین حروف مشترک ہیں ان کو پہچان کر مقابل کے خانوں میں لکھئے۔

مثال

امتیاز	انتظار	استعمال	بندہ	حسرت
امتحان	انتقام	استحقاق	زندہ	مسرت
امتزاج	انتخاب	استفہام	چندہ	کسرت
ا				
م				
ت				

(ب) جدول میں دائیں طرف چند مشہور شخصیتوں کے معروف نام اور بائیں طرف ان کے اصل نام دیئے گئے ہیں۔ بیچ کے دائروں میں اصل ناموں کے صحیح نمبر لکھئے۔

معروف نام	جواب	اصلی نام
مثال: اقبالؔ	8	1. الطاف حسین
غالبؔ		2. سبھاش چندر بوس
حالیؔ		3. پنڈت جواہر لال نہرو
آزادؔ		4. اسد اللہ خان
ٹیگور		5. مولانا ابوالکلام
باپو		6. رابندر ناتھ

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نیتاجی	◯	7. لکشمی بائی
نہرو	◯	8. محمد اقبالؔ
جھانسی کی رانی	◯	9. موہن داس کرم چند

IV: اس عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔

استاد کی مار

ایک دن مامون رشید کی والدہ نے اس کے استاد کو کہلا بھیجا کہ شہزادہ گھر میں شوخی کرتا ہے۔ اُسے سزا دینی چاہئیے۔

اُستاد نے شہزادے کے منہ پر دو طمانچے لگا کر کان پکڑوا دئے، جس سے مامون کو اتنی تکلیف ہوئی کہ بے اختیار آنسو جاری ہو گئے۔

یہ کان پکڑے ہوئے رو رہا تھا کہ کسی چوبدار نے آکر اُستاد سے کہا۔ ''جعفر برمکّی وزیر سلطنت شہزادے کو دیکھنے کی اجازت چاہتا ہے''۔ اُستاد نے شہزادے سے کہا ''کان چھوڑو اور ذرا سنبھل کر بیٹھو۔''

شہزادے کا چہرہ آنسوؤں سے بھرا ہوا سرخی سے تمتما رہا تھا۔ مگر وہ جھٹ رومال سے منہ پونچھ کر بدستور اپنی جگہ بیٹھ گیا اور وزیر کے جانے تک برابر اس طرح بیٹھا رہا کہ اسے اس کی کسی حرکت سے سزا کا خیال تک نہ گزرا۔

وزیر کے جانے پر اُستاد نے شہزادے سے کہا۔ ''اگرچہ مجھ سے یہ حرکت تمہاری ہی بھلائی کے لئے ہوئی تھی مگر تم نے اچھّا کیا وزیر سے شکایت نہ کی۔''

شہزادے نے کہا ''جناب! جو لڑکا اُستاد کی شکایت کرتا ہے وہ مراد کو نہیں پہنچ سکتا۔ میں آپ کی شکایت کر کے خود کیوں بے نصیب بنتا۔''

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان سوالات کے جواب لکھئے:

۱۔ مامون رشید کی والدہ نے اُستاد سے کیا شکایت کی تھی؟

۲۔ والدہ کی شکایت پر اُستاد نے کیا سزا دی؟

۳۔ شہزادے کو دیکھنے کی اجازت کس نے مانگی؟

۴۔ شہزادہ وزیر سلطنت کے ساتھ کس طرح پیش آیا؟

۵۔ مامون رشید نے وزیر سلطنت سے شکایت کیوں نہیں کی؟

قواعد

اسم :

ان جملوں پر غور کیجئے۔

۱۔ تتلی اُڑتی ہے۔

۲۔ گائے چرتی ہے۔

۳۔ اُستاد تختۂ سیاہ پر لکھ رہے ہیں۔

۴۔ پھول مرجھا گیا۔

۵۔ بنگلورو میں ودھان سودھا ہے۔

۶۔ دھارواڑ میں کرناٹک یونیورسٹی ہے۔

اوپر کے جملوں میں جن لفظوں کے نیچے خط کھینچا گیا ہے ان میں تتلی اور گائے جانداروں کے نام ہیں تختۂ سیاہ، پھول، چیزوں کے نام ہیں۔ بنگلورو، دھارواڑ جگہ کے نام ہیں۔

کسی جاندار، چیز یا جگہ کے نام کو اسم کہتے ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

E1F1I5

سبق:4

جنگِ آزادی

اشارے

- ☆ جنگِ آزادی کی تاریخ سے آگاہ کرائیں۔
- ☆ مضمون اس طرح پیش کریں کہ سُننے کے بعد طلباء واقعات اور حالات بیان کریں۔
- ☆ جذبہ حُب الوطنی کے فروغ کی خاطر اسی طرح کے موضوعات پر بچوں سے تقاریر کروائیں۔
- ☆ آپسی اتحاد و اتفاق کو فروغ دینے والے موضوعات پر تقاریر کروائیں۔
- ☆ تلفظ کا خاص خیال ہو اور آسان قواعد کو پیش کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



آزادی انسان کا پیدائشی و بنیادی حق ہے۔ غلامی کی تاریخ جتنی قدیم ہے اتنی ہی قدیم آزادی کی تاریخ ہے۔ ہر زمانے میں غلامی کے خلاف آزادی کی صدا بلند ہوئی ہے۔ آزادی کے متوالے ہمیشہ سے جدوجہد کرتے رہے ہیں۔ اس سلسلے میں سب سے قدیم مثال ہمیں سلطنت روم کے خلاف ایک غلام

''اسپارٹیکس'' کی ملتی ہے۔اُس وقت سے آج تک برابر اس کی کڑیاں چلی آ رہی ہیں۔ ہندوستان کی جنگِ آزادی جو انگریزوں کے خلاف لڑی گئی،اس سے متعلق چند معلومات ہم اس مضمون کے ذریعہ حاصل کریں گے تاکہ ہمیں ملک کی تاریخ سے آگاہی ہو اور ہم میں جذبۂ حُب الوطنی بیدار ہو۔

مغلیہ سلطنت نے 1526ء سے 1707ء تک ہندوستان پر حکومت کی۔ اس کے بعد دو بدیسی طاقتیں بظاہر تجارت کی غرض سے ہمارے ملک میں داخل ہوئیں لیکن ان کا مقصد اور ہی تھا۔ وہ بدیسی انگلستانی اور فرانسیسی تھے 1739ء میں نادر شاہ کا حملہ ہوا جس سے ملک میں بہت تباہی ہوئی۔1761ء میں احمد شاہ ابدالی نے مراٹھوں کو شکست دی۔

ہندوستان میں انگریزوں نے سب سے پہلے بنگال پر اپنا قبضہ جمایا اور یہاں ایسٹ انڈیا کمپنی قائم کی۔ یہ کمپنی صرف تجارتی نہیں تھی بلکہ سیاسی بھی تھی۔انگریز دھیرے دھیرے پورے ملک میں اپنا جال بچھانا چاہتے تھے۔ یہاں سے انگریز جنوبی ہندوستان پہنچ گئے،لیکن یہاں شیرِ میسور حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ نے ان کے دانت کھٹے کر دیئے۔

1799ء میں مجاہد آزادی، شیرِ میسور حضرت ٹیپو سلطانؒ نے آخری سانس تک انگریزوں کا مقابلہ کیا۔ملک کی آزادی کے لئے لڑتے لڑتے میدان جنگ میں شہید ہو گئے۔1857ء میں ہندوستانیوں نے آزادی کی جنگ شروع کی جس میں ہزاروں لاکھوں جانیں گئیں۔کئی ہزار علماء شہید ہوئے۔دہلی اور میرٹھ کے راستے میں ہر درخت پر علماء کی لاشیں لٹکی ہوئی تھیں۔ بہادر شاہ ظفر، جھانسی کی رانی اور بیگم حضرت محل وغیرہ نے آخری دم تک انگریزوں کے خلاف لڑائی جاری رکھی۔



جنگ آزادی میں ہندوستانی زبان و ادب کی خدمات بھی قابل ذکر ہیں۔ خاص طور پر اُردو زبان وادب کا کردار بہت اہم رہا ہے۔ رابندر ناتھ ٹیگور، رام پرشاد بسملؔ،

NOT TO BE REPUBLISHED @KSEEB

حسرتؔ موہانی اور علاّمہ اقبالؔ وغیرہ کے کلام نے آزادی کی تحریک کو تقویت بخشی۔ بیسویں صدی کے آتے آتے ہندوستانیوں کے حوصلے اور بلند ہوئے کیونکہ اسی دوران ایک ایشیائی ملک ''جاپان'' روس، کی قید سے آزاد ہوا تھا۔

جنگ آزادی میں مسلمان پیش پیش تھے۔ مولانا محمود الحسن کی ریشمی رومال تحریک نے مسلمانوں میں تحریک آزادی کے لئے جوش و جذبہ پیدا کیا تھا۔ مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی نے اس تحریک کا ساتھ دیا۔ اس کے لئے اُنہیں انگریزوں نے جیل بھیج دیا۔ نوجوان عالم دین وصحافی مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنے اخبار ''الہلال'' اور ''البلاغ'' کے ذریعہ ہندوستانیوں کے جذبہء آزادی کو اُبھارا۔ اس پاداش میں انہیں بھی جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈھکیل دیا گیا۔ اس وقت موہن داس کرم چند گاندھی جنوبی آفریقہ میں انصاف کے لئے لڑ رہے تھے۔ وہ ہندوستان واپس آئے اور ستیہ گرہ کے ذریعہ آزادی کی لڑائی شروع کی۔ پنڈت جواہر لال نہرو نے 1916ء میں گاندھی جی سے ملاقات کی اور وہ گاندھی جی کے خیالات سے بے حد متاثر ہوئے۔ گاندھی جی کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر آزادی کے لئے لڑتے رہے۔ 1930ء میں سرحدی گاندھی خان عبدالغفار خان نے اپنی جنگجو قوم پشتُون کو اہنسا کی تحریک میں حصّہ لینے کی ترغیب دی۔

8 / اگست 1942ء کو ممبئی میں کانگریس نے ''بھارت چھوڑو تحریک'' چلانے کا فیصلہ کیا۔ گاندھی جی نے ایک بڑے مجمع سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں تمہیں ایک چھوٹا سا وظیفہ بتا رہا ہوں تم اس کو اپنے دل پر نقش کرلو اور تمہاری ہر سانس سے یہ عیاں ہونا چاہئیے۔ یعنی گاندھی جی نے ''کرو یا مرو'' کا نعرہ دیا۔ یا تو ہم ہندوستان کو انگریزوں سے آزاد کرائیں گے، یا پھر اس کی جدوجہد میں فنا ہو جائیں گے۔ ہم اپنی غلامی کے تسلسل کو دیکھنے کے لئے زندہ نہیں رہیں گے۔



آخر کار گاندھی جی اور ہندوستانی عوام نے انگریزوں کو ہندوستان چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔ اس طرح

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حکومت کا اقتدار ہندوستانیوں کے ہاتھ آیا۔15 / اگست 1947ء کو ہمارا ملک انگریزوں کے قبضہ سے آزاد ہوگیا۔ ہمارے بزرگوں اور مجاہدین آزادی کی قربانیاں رنگ لائیں۔ آزادی کی لڑائی میں ہر مذہب، ہر خطہ، ہر طبقہ اور ہر عقیدے کے لوگ برابر کے شریک تھے کیا امیر، کیا غریب، مرد عورت، بچے، بوڑھے اور جوان سبھوں نے اس میں حصّہ لیا۔

آؤ بچو! ہم بھی یہ عہد کریں کہ اپنے ملک کی حفاظت کریں گے۔ اس کی ترقی کے لئے جان و مال کی قربانی دینے کے لئے تیار رہیں گے۔

I: (الف) الفاظ و معنی:

بنیاد = اصل، جڑ

غلامی = قید

قبضہ = قابو

صدا = آواز

طبقہ = آدمیوں کا گروہ

متوالے = مست، مدہوش، چاہنے والے

عقیدہ = دل میں جمایا ہوا یقین

جدوجہد = کوشش

عہد = قسم، وعدہ

بدیسی = غیر ملکی

شکست = ہار

شہید = خدا کی راہ میں قربان ہونے والا

مجاہد = جہاد کرنے والا

علماء = دین کی مکمل معلومات رکھنے والے ۔ (عالم کی جمع)

خدمات = کارگزاریاں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کردار = اخلاق،طرز

تحریک = حرکت دینا

تقویت = مضبوطی

پیش پیش = آگے آگے

سرحد = کنارا

ترغیب = رغبت

جمع = اکٹھا کیا ہوا،گروہ

اقتدار = حکومت ، اختیار

ستیہ گرہ = حکومت کے خلاف پُر امن احتجاج

وظیفہ = وہ کام جو روزانہ پابندی سے کیا جائے۔

فنا = موت، ہلاکت

(ب) مرکبات:

جنگِ آزادی = آزادی کی جنگ

حب الوطنی = وطن سے محبت

جوش وجذبہ = جوش اور شوق

عالمِ دین = دین کا علم رکھنے والا

جذبۂ آزادی = آزادی کا شوق

قابلِ ذکر = ذکر کے قابل

(ج) ان الفاظ کی ضد لکھئے:

غلامی ×.....

قدیم ×.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جنوبی ×.....

شروع ×.....

بہادر ×.....

جنگ ×.....

مجبور ×.....

شکست ×.....

جوان ×.....

ترقی ×.....

(د) ان الفاظ کی جمع لکھئے :

خدمت = ...

معلوم = ...

ملک = ...

تاریخ = ...

سلطنت = ...

طاقت = ...

عالِم = ...

تحریک = ...

خبر = ...

مجاہد = ...

II: (الف) ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے:

ا۔ انسان کا پیدائشی حق کیا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۲۔ روم میں غلامی کے خلاف آواز کس نے اٹھائی؟

۳۔ دو بدیسی طاقتیں کون سی تھیں؟

۴۔ احمد شاہ ابدالی نے کس کو شکست دی؟

۵۔ میسور میں انگریزوں کے دانت کس نے کھٹّے کئے؟

۶۔ ریشمی رومال تحریک کے بانی کون تھے؟

۷۔ سرحدی گاندھی کسے کہا جاتا ہے؟

۸۔ گاندھی جی کا نعرہ کیا تھا؟

۹۔ 1942ء میں کونسی تحریک چلی؟

۱۰۔ ہمارا ملک کب آزاد ہوا؟

(ب) ان سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کس نے قائم کی؟ اور اس کا مقصد کیا تھا؟

۲۔ جنگِ آزادی میں علماء کا کیا کردار تھا؟

۳۔ جنگِ آزادی میں اُردو زبان و ادب نے کیا کردار ادا کیا؟

۴۔ آزادی کی لڑائی میں کن کن لوگوں نے حصّہ لیا؟

(ج) خانہ پُری کیجئے:

۱۔ آزادی انسان کا پیدائشی.....ہے۔

۲۔ مغلیہ سلطنت نے 1526ء سے..... تک ہندوستان پر حکومت کی۔

۳۔ انگریزوں نے سب سے پہلے.....پر اپنا قبضہ جمایا۔

۴۔ ٹیپو سلطان شہیدؒ نے انگریزوں کے..... کھٹّے کر دیئے۔

۵۔ گاندھی جی، جنوبی آفریقہ میں.....کے لئے لڑ رہے تھے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د) جوڑ لگایئے:

''الف''		''ب''
ا۔ سرحدی گاندھی	ا۔	حضرت ٹیپو سلطان شہید ہیں۔
۲۔ نادرشاہ کا حملہ	ب۔	ہندوستان آزاد ہوا۔
۳۔ شیرِ میسور	ج۔	1942ء میں شروع ہوئی۔
۴۔ 15 اگست 1947ء	د۔	خان عبدالغفار خان کو کہتے ہیں۔
۵۔ بھارت چھوڑو تحریک	ھ۔	1739ء میں ہوا۔

(ھ) جملوں میں استعمال کیجئے:

ا۔ سلطنت :.....

۲۔ شکست :.....

۳۔ تحریکِ آزادی :.....

۴۔ انصاف :.....

۵۔ فنا :.....

۶۔ ترغیب :.....

III: لسانی سرگرمی:

(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کے شروع میں ''ن'' لگا کر جو نیا لفظ بنتا ہے ان کی جمع بنایئے:

مثال:۔ سل: ن+سل=نسل+نسلیں

شان:

گاہ:

قل:


دی:

ہر:

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) ''آ'' لگا کر بامعنیٰ الفاظ بنائیں اور ان کی ضد لکھئے:

مثال: آ+زادی =آزادی × غلامی



IV : نظم کو غور سے پڑھئے اور پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے:

نذر جواہر لال نہرو

اے جواہر لال نہرو ہند کے روحِ رواں
ملک کا لالِ یمن تھا اور وطن کا پاسباں
تیرے الطاف و کرم سے ہند اب خوشحال ہے
اور یہاں ہر فرد کی قسمت بلند اقبال ہے
تیرا سارا خاندان امن و اماں کی جان ہے
جس کے باعث دہر میں ہندوستان کی شان ہے
داعیٔ امن و اماں تھا گوکہ تو تھا حکمراں
ناز کرتی تھی تری تقریر اردو زباں
ہر زمانے کی سیاست سے تھا واقف کار تُو
حامیٔ ہر قوم و ملّت اور خوش اطوار تُو

(انورالحسن انوار کولار)

@KBSE NOT TO BE REPUBLISHED

سوالات:

۱۔ ہند کے روحِ رواں کون تھے؟

۲۔ کہاں کے ہر فرد کا اقبال بلند ہے؟

۳۔ دہر (زمانہ) میں ہندوستان کی شان کس سے ہے؟

۴۔ اُردو زباں کس پر ناز کرتی ہے؟

۵۔ جواہر لال نہرو کس سے واقف کار تھے؟

V : قواعد

اسم کی اقسام: اس کی دو قسمیں ہیں (۱) اسمِ خاص (۲) اسمِ عام

اسمِ خاص: اسمِ خاص وہ اسم ہے جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو

مثال: ہندوستان، کلبرگی، تاج محل وغیرہ



تاج محل



ہندوستان

اسمِ عام: اسمِ عام وہ اسم ہے جو ایک ہی قسم کی غیر مخصوص ہر چیز کا نام ہو

مثال: لڑکا، گائے، ندی، تلوار وغیرہ



لڑکا



گائے



تلوار

NOT TO BE RE-PUBLISHED @KTBS

سبق:5

مرغِ اسیر کی نصیحت

X1B3H9

پنڈت دیا شنکر نسیم

اشارے:

- ☆ عقل مندی، حاضر دماغی، ذہانت سے آگاہ کروائیں۔
- ☆ نظم کے اصناف میں مثنوی کے متعلق جانکاری دیں۔
- ☆ ہم قافیہ الفاظ لکھنے کی ترغیب دیں۔
- ☆ عجز وانکساری سے متعلق مضامین اکٹھا کروائیں۔
- ☆ ترنم سے بلند آواز کے ساتھ اجتماعی اور انفرادی نغمہ سرائی کروائیں۔
- ☆ لب ولہجہ کا خاص خیال رکھیں۔قواعد کو آسان مثالوں کے ساتھ سمجھائیں۔



اک مرغ ہوا اسیرِ صیاد — دانا تھا وہ طائر چمن زاد
بولا جب اس نے باندھے بازو — کھلتا نہیں کس طمع پہ ہے تو

بیچا تو ٹکے کا جانور ہوں — گر ذبح کیا تو مُشت پر ہوں
پالا تو مفارقت ہے انجام — دانا ہو تو مجھ سے لے مرے دام

بازو میں نہ مرے گرہ باندھ　　سمجھاؤں جو پند اسے گرہ باندھ
سن کوئی ہزار کچھ سنائے　　کیجئے وہی جو سمجھ میں آئے

قابو ہو تو کیجئے نہ غفلت　　عاجز ہو تو ہاریئے نہ ہمت
آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجئے　　جاتا ہو تو اسکا غم نہ کیجئے

طائر کے یہ سن کلام صیاد　　بن داموں ہوا غلام صیاد
بازو کے جو بند کھول ڈالے　　طائر نے تڑپ کے پر نکالے

اک شاخ پہ جاچہک کے بولا　　کیوں پر مرا کیا سمجھ کے کھولا
ہمت نے مری مجھے اڑایا　　غفلت نے تری مجھے چھڑا یا

دولت نہ نصیب میں تھی تیرے　　تھا لعل پنہاں شکم میں میرے
دے کے صیاد نے دلاسا　　چاہا پھر کچھ لگائے لاسا

بولا وہ کہ دیکھ کے کر گیا جعل　　طائر بھی کہیں نگلتے ہیں لعل
اربابِ غرض کی بات سن کر　　کرلیجئے یک بہ یک نہ باور

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

تخلیق کار:

نام دیا شنکر تھا۔ نسیم تخلص کرتے تھے۔ کشمیری پنڈتوں کے کول خاندان سے تعلق تھا۔ 1811ء میں لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام پنڈت گنگا پرساد کول تھا۔ آتش کے شاگرد تھے۔ ان کی مثنوی گلزار نسیم اُردو کی اہم مثنویوں میں شمار کی جاتی ہے۔

مثنوی:

مثنوی مشتق ہے مثنیٰ سے، جس کے معنی دو دو کے ہیں۔ مثنوی کے ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ اس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کے پوری نظم مسلسل ہوتی ہے۔ یعنی کوئی ایک واقعہ، یا پوری داستان یا منظر، تقریر یا واردات اس میں مسلسل بیان کی جاتی ہے۔

I: (الف) الفاظ و معنی:

مرغ = پرندہ

اسیر = قیدی صیاد = شکاری

دانا = عقل مند

چمن زاد = چمن میں پیدا ہونے والا، چمن میں پرورش پانے والا

کھلتا نہیں = ظاہر نہیں (معلوم نہیں ہوتا)

بازو = پر، پھوٹے

طمع = لالچ

ٹکا = قدیم زمانے کا بہت کم قیمت کا سکّہ

ذبح کرنا = گلا کاٹنا، حلال کرنا

مشت = مٹھی بھر

مفارقت = جدائی

انجام = نتیجہ

دام = قیمت

گرِہ = گانٹھ

گرِہ باندھنا = کسی بات کو یاد رکھنا

پند = نصیحت

قابو = اختیار

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

غفلت = لاپرواہی

عاجز = مجبور، لاچار، بے بس

ہمت ہارنا = جی چھوٹنا، حوصلہ نہ رہنا

بن داموں = مفت، کسی قیمت کے بغیر

کلام = گفتگو، بات چیت

بند کھولنا = گرہ کھولنا، گانٹھ کھولنا

شاخ = ٹہنی، ڈالی

لعل = ایک قسم کا قیمتی پتھر

پنہاں = پوشیدہ

شکم = پیٹ

دلاسا = تسکین، تسلی

لاسا = اک لیس دار مادہ جو پرندے پکڑنے کے لئے بانس یا لکڑی پر لگایا جاتا ہے۔

لاسا لگانا = لالچ دینا، پھنسانا

جعل = دھوکہ

باور کرنا = یقین کرنا

(ب) ہم آواز الفاظ و معنی

دانا = عقل مند، ہوشیار

دانہ = اناج، غلّہ، بیج

پر = اوپر

پر = پرندوں کے جسم کا وہ حصّہ جس سے اس کا جسم ڈھکا ہوتا ہے۔
وہ عضو جس کی مدد سے پرندہ اُڑتا ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

لال = سُرخ، رنگ

لال = بیٹا

دام = قیمت، مول

دام = جال، پھندا

شاخ = ٹہنی، ڈالی

شاخ = جانور کا سینگ

(ج) مترادفات:

چمن = باغ، گلزار

مشت = مٹھی

پند = نصیحت، ہدایت

غم = افسوس، صدمہ، رنج

شاخ = ٹہنی، ڈالی

شکم = پیٹ، بطن

نہاں = پنہاں، مخفی

(د) ان الفاظ کی ضد لکھئے:

دانا ×.....

انجام ×.....

غلام ×.....

نہاں ×.....

غم ×.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(و) واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے:

مرغ	.....	طائر	.....
غلام	.....	اسیر	.....
ارباب	.....	کلمہ	.....
غرض	.....		

II:(الف) ان سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے:

۱۔ صیاد نے کس کو اسیر کیا؟
۲۔ پرندے کے بازو کس نے باندھے؟
۳۔ پرندے نے اپنی قیمت کیا بتائی؟
۴۔ پرندے نے صیاد سے کس چیز کو گرہ سے باندھنے کے لئے کہا؟
۵۔ اگر کوئی چیز حاصل ہو جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟
۶۔ اگر کوئی چیز ہاتھ سے نکل جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

(ب) ان سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ پرندے نے آزاد ہونے کے لئے صیاد سے کیا کہا؟
۲۔ پرندے کی باتوں کا صیاد پر کیا اثر ہوا؟
۳۔ پرندے کی باتیں سن کر صیاد نے کیا کیا؟
۴۔ طائر اڑ کر کہاں جا بیٹھا؟
۵۔ رہا ہونے کے بعد طائر نے صیاد سے کیا پوچھا؟
۶۔ طائر نے رہا ہونے کی کیا وجہ بتائی؟
۷۔ طائر کی بات سن کر صیاد نے کیا کیا؟
۸۔ مرغ اور صیاد کے واقع سے کیا سبق ملتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج): اس نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے:

(د): ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:


چمن، طمع، مفارقت، دام، غفلت

عاجز، کلام شاخ، دولت، باور

III: لسانی سرگرمی:

مثال کے مطابق مرکبات بنایئے:

مثال: ارباب + اقتدار = ارباب اقتدار



۱:.....

۲:.....

۳:.....

۴:.....

۵:.....

۶:.....

۷:.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: اس نظم کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے جواب لکھئے:

ہمدردی

ٹہنی پہ کسی شجر کی تنہا — بلبل تھا کوئی اُداس بیٹھا
کہتا تھا کہ رات سر پہ آئی — اُڑنے چگنے میں دن گذارا
پہنچوں کس طرح آشیاں تک — ہر چیز پہ چھا گیا اندھیرا
سُن کر بلبل کی آہ و زاری — جگنو کوئی پاس ہی سے بولا
حاضر ہوں مدد کو جان و دل سے — کیڑا ہو اگرچہ میں ذرا سا
کیا غم ہے جو رات ہے اندھیری — میں راہ میں روشنی کروں گا
اللہ نے دی ہے مجھ کو مشعل — چمکا کے مجھے دِیا ہے بنایا

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے
آتے ہیں جو کام دوسروں کے

(علامہ اقبالؔ)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ان سوالات کے جوابات لکھئے:

۱) بُلبل کہاں بیٹھا ہوا تھا؟
۲) بلبل کا دن کیسے گزرا تھا؟
۳) بلبل سے جگنو کیا کہتا ہے؟
۴) بلبل کیوں اُداس تھا؟
۵) جہاں میں کونسے لوگ اچھے ہیں؟

قواعد

اسمِ خاص:

اسمِ خاص کی پانچ قسمیں ہیں۔

۱۔ علم ۲۔ خطاب ۳۔ تخلص ۴۔ لقب ۵۔ عرف

۱۔ علم: وہ اسمِ خاص ہے جو کسی خاص شخص یا جگہ کا نام ہو۔

جیسے: ٹیپو سلطان، کاویری، دہلی، حیدرآباد وغیرہ۔

۲۔ خطاب: وہ اسمِ خاص ہے جو حکومت کی طرف سے کسی خاص شخص کو اس کی خدمت یا عزت کے طور پر دیا جائے۔

مثال: سر، خان بہادر، پدم بھوشن، بھارت رتن، شمس العلماء۔

۳۔ تخلص: وہ مختصر نام ہے جو شاعر اپنے کلام میں اپنے نام کی جگہ استعمال کرتا ہے۔

مثال: میرؔ، سوداؔ، ذوقؔ، غالبؔ، حالیؔ، اقبالؔ وغیرہ

۴۔ لقب: وہ نام جو کسی خاص شخص کے لئے خاص خوبی یا بزرگی یا وصف کے لئے کہا جائے۔

مثال: کلیم اللہ، امام الہند، بابائے اُردو، بلبلِ ہند وغیرہ۔

۵۔ عرف: وہ چھوٹا سا نام جو محبت یا پیار کی وجہ سے کسی کو دیا جائے۔

مثال: مرزا نوشہ، کلو، چنو، منو، پپو، بابو وغیرہ

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS


سبق:6

اے ٹی ایم۔(ATM)

G6K2T2

اشارے:

- ☆ کیال کیولیٹر، موبائیل کے حوالے سے ایجادات میں ترقیوں کے متعلق معلومات دیں۔
- ☆ سائنسی ایجادات کی افادیت سے واقف کرائیں۔
- ☆ اے، ٹی، یم کارڈ استعمال کرنے کا طریقہ سرگرمی کے ذریعے سمجھائیں۔
- ☆ مضمون میں آنے والے مشکل وجدید الفاظ کو آسان زبان میں سمجھائیں۔
- ☆ قواعد کو سبق کے ساتھ ساتھ پڑھائیں اور املا نویسی کرائیں۔



بچّو ! ہم پچھلی جماعتوں میں سائنس کی مختلف ایجادات جیسے، بجلی، روبوٹ، ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور موبائیل کے متعلق جانکاری حاصل کر چکے ہیں۔ آج ہم ''اے ٹی یم'' سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

NOT TO BE PUBLISHED

ATM، اے ٹی ایم کو اُردو زبان میں خودکار نقد شماری آلہ یا خودکار زر شماری آلہ یا نقدی آلہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ یہ ایک مواصلاتی ایجاد ہے۔ جو مالیاتی ادارے اور بینک عملے کے ملازم جیسے تحویلدار، مُنشی یا نقد شمار (Cashier) کے بغیر عوامی جگہوں (Public Places) پر مالیاتی معاملات طے کرتا ہے۔

اے ٹی ایم یعنی آٹو میٹیڈ ٹیلر مشین (Automated Teller Machine) جسے عام طور پر ہمارے یہاں اینی ٹائم مَنی (Any Time Money) بھی کہتے ہیں۔ یورپ اور روس میں بینکومیٹ (Banko met) اور پرتگال میں ملٹی بینکو کے نام سے جانا جاتا ہے۔

پہلا خودکار نقد شماری آلہ (ATM) امریکہ کے لوتھر جارج سمجیان (Luther George Simjian) نے 1939ء میں ایجاد کیا تھا۔ جس کو نیویارک شہری بینک میں نصب کیا گیا، جسے ''میکانیکل کیش ڈسپنسر'' کہتے تھے۔ گاہکوں کی عدم توجہ سے یہ نقد شماری آلہ چھ ماہ کے عرصے میں بینک سے ہٹا دیا گیا۔ پھر 25 سال کے بعد جان شپرڈ بارن (John Shepherd-Barron) نے تیار کیا اور ڈی لا روے (De-La-Rue) کمپنی نے منظر عام پر لایا۔ پہلا برقیاتی (Electronic) نقد شماری آلہ (ATM) ایجاد کیا، جس کو شمالی لندن کے بارکلیس بینک میں نصب کیا گیا۔

اے ٹی ایم کا استعمال بہت آسان ہے اُس کو متحرک کرنے کے لئے گاہک کے پاس ایک کارڈ ہوتا ہے۔ جس پر مقناطیسی پٹی ہوتی ہے، جس میں بینک کا نام گاہک کا نام اور دیگر تفصیلات ہوتی ہیں۔ اُس کے ساتھ ساتھ ایک خفیہ نجی نمبر ہوتا ہے۔ اگر آپ اے ٹی یم کارڈ رکھتے ہیں تو اپنا کارڈ خودکار نقدی آلے میں اُس کی منتخب جگہ پر داخل کریں گے تو خودکار نقد شماری آلہ آپ کو پہلے خوش آمدید (Well Come to ATM) کہے گا، پھر آپ کو زبان کا انتخاب کرنے کے لئے کہے گا۔ جس زبان میں آپ کاروبار کرنا چاہتے ہیں۔ آپ صوبائی زبان کنڑا، قومی زبان ہندی یا انگریزی زبان استعمال کر سکتے ہیں۔ فوراً آپ کا خفیہ نجی نمبر پوچھا جائے گا۔ جیسے ہی آپ اپنا خفیہ نجی نمبر داخل کریں گے، خودکار نقد شماری آلہ پوچھے گا کہ کیا آپ رقم حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ یا بقیہ رقم کی جانکاری حاصل کرنا چاہتے ہیں؟ اگر آپ رقم حاصل کرنا چاہیں تو پوچھے گا کہ 'آپ کو کس کھاتے سے رقم لینی ہے؟ اتنی تفصیلات دینے کے بعد اگر آپ کے کھاتے (Account) میں رقم ہو تو اپنی ضرورت کے مطابق رقم نکال سکتے ہیں اور آخر میں آپ کے کھاتے میں موجود بقیہ رقم کی رسید بھی مل جائے گی۔ اس طرح یہ خودکار نقد شماری آلہ کام کرتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



بینک کا فراہم کردہ کارڈ بہت اہمیت رکھتا ہے۔اس سے بھی اہم اس کا خفیہ نجی نمبر ہے۔کسی بھی صورت میں یہ نمبر دوسروں کو نہیں معلوم ہونا چاہئیے۔اسی لئے کارڈ اور خفیہ نجی نمبر کی حفاظت ضروری ہے۔ کارڈ دوسروں کے ہاتھ لگ جانے پر غیر قانونی معاملات کا خدشہ ہوتا ہے۔اس لئے کارڈ گم ہونے پر فوراً بینک کو اطلاع دینی چاہیے۔یوں تو غیر قانونی معاملات روکنے کے لئے خود کار نقد شماری آلے میں نظام (System) موجود ہے۔گاہک جب اپنا کارڈ نقد شماری آلے میں داخل کرنے کے بعد" کی پیاڈ (Key pad) کے ذریعے اپنا خفیہ نجی نمبر داخل کرتا ہے تو اُس کے معاملات موڈیم (Modem) کے ذریعے بینک کے مرکزی کمپیوٹر تک ارِسال ہوتے ہیں۔فوراً خود کار نقد شماری آلے کو ہدایت ملتی ہے کہ گاہک کے معاملات طے کریں۔

اگر گاہک غلط خفیہ نجی نمبر داخل کرتا ہے تو نقد شماری آلہ معاملات کو روک دیتا ہے اور بار بار غلط خفیہ نجی نمبر استعمال کرنے پر خود کار نقد شماری آلہ گاہک کا کارڈ منسوخ کر دیتا ہے۔تا کہ غیر قانونی معاملات نہ ہو پائیں۔اُس وقت گاہک کو بینک سے دوسرا اے ٹی ایم کارڈ حاصل کرنا ہوگا۔

دورِ حاضر میں ایسے ترقی یافتہ نقد شماری آلے موجود ہیں جو نقد تقسیم کرتے ہیں، نقد قبول کرتے ہیں

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



اور ایک کھاتے سے دوسرے کھاتے کو رقم منتقل کرتے ہیں اور کھاتے کی بقیہ رقم کی تصدیق کرتے ہیں اتنا ہی نہیں بلکہ غیر ملکی روپیوں کا بھی کاروبار کرتے ہیں۔اس طرح یہ خود کار نقد شماری آلے مکمل بینک عملے کی طرح کام کرتے ہیں۔قومی سطح پر تمام بینکوں کو جال (Internet) سے جوڑ دیا گیا ہے جسے بینکنگ انٹرنیٹ (Banking Internet) کہتے ہیں اس کی وجہ سے ایک بینک کا گاہک دوسرے بینکوں کے خودکار نقد شماری آلوں کے ذریعے اپنے معاملات طے کرسکتا ہے۔دُور کے مقامات کا سفر کرنے والے اس سے بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔اب آپ کو کثیر رقم ساتھ رکھ کر چلنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔صرف اے ٹی یم کارڈ ساتھ رکھ لیجئے اور جہاں چاہیں رقم حاصل کیجئے۔اس کے علاوہ اس کارڈ سے آپ بڑی دُکانوں اور کمپنیوں سے روزمرہ کا ضروری ساز وسامان خرید سکتے ہیں،اور رقم کی ادائیگی کارڈ کے ذریعے سے ہوسکتی ہے۔

ان تمام باتوں سے پتہ چلتا ہے کہ آج ہم کتنی ترقی کر گئے ہیں نئی نئی ایجادات کے ذریعے ہم نے مشکلوں میں آسانیاں پیدا کرلی ہیں۔

I: (الف) الفاظ ومعنی:

اے ٹی ایم = خودکار نقد شماری آلہ ۔ موڈیم (modem) = کمپیوٹر کی معلومات کی ترسیل کے عمل کا آلہ

تحویلدار = خزانچی

منشی = کلرک

معاملات = کاروبار

کھاتہ = حساب کی کتاب

خدشہ = خوف

یکسوئی = اطمینان

منسوخ = ردکیا گیا

عدم توجہ = توجہ نہ دینا

@KUSS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب) ان الفاظ کی ضد لکھئے:

ملازم ×.....

عدم توجہ ×.....

نجی ×.....

مفید ×.....

کثیر ×.....

(ج) ان الفاظ کی جمع لکھئے:

معاملہ =.....

ایجاد =.....

خدشہ =.....

سہولت =.....

تفصیل =.....

(د) ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

۱۔ تحویلدار ۲۔ نقدشمار

۳۔ منشی ۴۔ عوامی

II: (الف) ان سوالات کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے:

۱۔ خودکار نقدشماری آلے کا انگریزی نام کیا ہے؟

۲۔ دنیا کا پہلا نقدشماری آلہ کب ایجاد ہوا؟

۳۔ پہلا برقیاتی آلہ کس بینک میں نصب کیا گیا؟

۴۔ اے ٹی یم (ATM) کارڈ کی مقناطیسی پٹی میں کیا جانکاری ہوتی ہے؟

۵۔ نقدشماری آلہ گاہک کا کارڈ کب منسوخ کرتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ب): مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ ATM کیا ہے؟

۲۔ اے ٹی یم کو کن کن ناموں سے جانا جاتا ہے؟

۳۔ بینک گاہک کے لئے کارڈ کیوں اہم ہے؟

۴۔ ATM غیر قانونی معاملات کس طرح روکتا ہے؟

۵۔ دورِ حاضر میں نقد شماری آلے کس طرح کام کرتے ہیں؟

(ج): مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجئے:

۱۔ اے ٹی یم کو انگریزی میں ..... کہتے ہیں۔

۲۔ پہلا نقد شماری آلہ ..... سن میں ایجاد کیا گیا۔

۳۔ بینک گاہک کے لئے ..... اور ..... کی حفاظت ضروری ہے۔


۴۔ بینکوں کے جال کو ..... کہتے ہیں۔

۵۔ ..... نمبر استعمال کرنے پر خودکار نقد شماری آلہ گاہک کا کارڈ منسوخ کر دیتا ہے۔

III: لسانی سرگرمی:

''نقد شمار'' اس لفظ میں شامل حروف سے کم از کم بیس نئے الفاظ بنایئے۔

مثال: قدر



©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: اس عبارت کو غور سے پڑھئے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب لکھئے:

قدیم دور سے موجودہ جدید دور تک سائنسی ایجادات میں مسلسل ترقی ہوئی ہے۔ اس میں مصنوعی سیارچے اہم ہیں۔

انسان کی بنائی ہوئی مشین جو زمین کے اطراف مقررہ مدار میں چکر لگاتی ہے۔ جس کو سیارچہ کہتے ہیں۔ سیارچے زمین سے روانہ کردہ ریڈیائی لہروں کو وصول کر کے مطلوبہ جگہوں کو روانہ کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ مصنوعی سیارچے بہت کارآمد ہوتے ہیں۔ ہندوستان اس میدان میں بہت ترقی کر رہا ہے۔ خصوصاً انسیاٹ (INSAT) کے سلسلہ وار خلائی اُڑانوں میں مصنوعی سیارچوں سے مواصلاتی ٹکنیک میں کافی ترقی ہوئی ہے۔ ٹیلی ویژن، موبائل فون، فیکس اور انٹرنیٹ یہ تمام مصنوعی سیارچوں کی مدد سے کام کرتے ہیں۔

۱۔ مصنوعی سیارچے کیوں اہم ہیں؟ ۲۔ سیارچہ کسے کہتے ہیں؟

۳۔ یہ سیارچے کیا کام انجام دیتے ہیں؟ ۴۔ مصنوعی سیارچوں کے کیا فائدے ہیں؟

قواعد

آپ پچھلے سبق میں اسمِ خاص کے متعلق معلومات حاصل کر چکے ہیں اب اسمِ عام کی اقسام کے متعلق معلوم کریں گے۔

۱۔ اسمِ جمع: بعض اسم ایسے ہوتے ہیں کہ صورت میں واحد معلوم ہوتے ہیں لیکن حقیقت میں کئی اسموں کا مجموعہ ہوتے ہیں۔

مثلاً: فوج، قطار، بھیڑ، جھنڈ وغیرہ

۲۔ اسمِ صوت: وہ اسمِ جو کسی مخصوص چیز یا جاندار کی آواز کو ظاہر کرے اسمِ صوت کہلاتی ہیں۔

چھم چھم، میاؤں میاؤں، ٹن ٹن، بھوں بھوں وغیرہ

۳۔ اسمِ ظرف: وہ اسمِ ہے جو کسی جگہ یا وقت کو ظاہر کرے۔

مثلاً: گھر، چراگاہ، آبشار، سال، صبح، شام وغیرہ

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:7

کبوتر

J5Q9Z1

محمد غوث خطیبؔ

اشارے:

☆ کبوتر کا استعمال قدیم زمانے سے کس طرح ہوتا آیا ہے بتائیں۔

☆ پیغام رسانی کے جدید ذرائع کے متعلق بتائیں۔

☆ نظم کو ترنم سے پڑھیں اور بچوں سے پڑھائیں۔

☆ ہم قافیہ الفاظ کی جانکاری دیں اور ہم قافیہ الفاظ لکھنے کی ترغیب دلائیں۔

☆ نظم کی تدریس کے دوران قواعد بھی پیش کریں۔



NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

ہیں خوشنما کبوتر نازک سی جان ان کی
چھوٹے ہیں پرَ فِضا میں اونچی اُڑان ان کی
ننھے سے یہ پرندے ان کی ادا نرالی
رنگت سفید ان کی اور کچھ کی کالی کالی

اُڑنے کا ان کے منظر لگتا ہے کیا سہانا
میناروں مسجدوں پر ان کا سدا ٹھکانا



گزرے ہوئے عہد میں ذیشان تھا کبوتر
انسان دوستی کی پہچان تھا کبوتر
جاتے تھے یہ کبوتر شاہی پیام لے کر
عاشق کا یہ لفافہ معشوق کے نام لے کر

شاہوں کے معرکوں میں ہوتے تھے نامہ بر یہ
خود اپنے ہی لہو میں ہوتے تھے تربتر یہ

یہ خوشنما کبوتر صدیوں سے نامہ بر ہے
پہلے بھی نامہ برتھا اور اب بھی نامہ بر ہے

پرواز کے لئے ہی قدرت نے پَر دیئے ہیں
خدماتِ زندگی کے جذبات بھر دیئے ہیں

اس کے لہو میں اکثر بیمار کی شفا ہے
چھوٹا سا یہ پرندہ اک نعمت خدا ہے

فطرت پہ اُس کی شیدا ہوتا ہے ہر شکاری
مجھ کو خطیبؔ اس کی ہر ایک ادا ہے پیاری



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

تعارف:



نام محمد غوث، تخلص خطیبؔ ہے۔ 1941ء میں آپ کی پیدائش شہر نا گمنگل ضلع منڈیا میں ہوئی موجودہ دور کے اہم شاعر ہیں۔ بچپن بڑی فارغ البالی سے بسر ہوا، میسور یونیورسٹی سے پہلے تاریخ میں ایم اے کیا پھر اُردو میں یم اے کی سند حاصل کی اور درس و تدریس سے منسلک رہے۔ ذاتی مطالعہ اور مشق سے شاعری پر عبور حاصل کیا۔ حضرت گوہر تریکیروی سے شرف تلمذ حاصل کیا کاروانِ ادب، بزم غالبؔ بنگلورو، بزم اقبال میسور واور گلزارِ ادب چن پٹن کی شعری محفلوں میں اپنا کلام پیش کیا اور داد تحسین حاصل کی۔ ہر صنف سخن میں انکی انفرادیت جلوہ گر ہے۔ روز نامہ سالار، روز نامہ راشٹریہ سہارا اور روز نامہ سیاست بنگلورو میں ان کی تخلیقات شائع ہوتی رہی ہیں۔ ان کا یہ ادبی و شعری سفر ابھی جاری ہے۔

I: (الف) الفاظ و معنی:

خوشنما	=	خوبصورت	نرالی	=	انوکھی
منظر	=	نظارہ	سہانا	=	دل پسند
عہد	=	زمانہ			
ذیشان	=	شان و شوکت			
شاہی	=	بادشاہی			
معرکوں	=	جنگیں			
لہو	=	خون			
شیدا	=	فدا، قربان			
تربتر	=	خون میں بھیگا ہوا			
نامہ بر	=	قاصد			

(ب) مندرجہ ذیل جملوں میں اضداد تلاش کیجئے اور لکھئے۔

مثال: کبوتر کی اُڑان اونچی ہوتی ہے تو کوّے کی اڑان نیچی ہے۔

اُونچی × نیچی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۱۔ کبوتر سفید اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔

۲۔ کبوتر دوست کا پیغام لے جاتے ہیں تو دُشمن کی جاسوسی بھی کرتے ہیں۔

۳۔ کبوتر کے لہو سے اکثر بیمار صحت مند ہوتے ہیں۔

۴۔ کبوتر کا ٹھکانا میناروں کے اندر اور باہر ہوا کرتا ہے۔

۵۔ کبوتر عاشق کا لفافہ معشوق کو پہنچاتا ہے۔

۱۔.....×..... ۲۔.....×..... ۳۔.....×.....

۴۔.....×..... ۵۔.....×.....

(ج): ان اشعار کو مکمل کیجئے:

ننھے سے یہ پرندے .....

رنگت سفید ان کی .....

گزرے ہوئے عہد میں .....

انسان دوستی کی .....

شاہوں کے معرکوں .....

(د): ان اشعار کو صحیح ترتیب میں لکھئے:

۱۔ ہیں خوشنما کبوتر نازک سی جان ان کی — عاشق کا یہ لفافہ معشوق کے نام لے کر

۲۔ اڑنے کے ان کا منظر لگتا ہے کیا سہانا — چھوٹا سا یہ پرندہ ایک نعمتِ خدا ہے

۳۔ جاتے تھے یہ کبوتر شاہی پیام لے کر — مجھ کو خطیبؔ اس کی ہر ایک ادا ہے پیاری

۴۔ اس کے لہو میں اکثر بیمار کی شفا ہے — چھوٹے ہیں پر فضا میں اونچی اُڑان ان کی

۵۔ فطرت پہ اس کی شیدا ہوتا ہے ہر شکاری — میناروں مسجدوں پر ان کا سدا ٹھکانا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(و) ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

۱۔ نازک : .....

۲۔ اونچی : .....

۳۔ نامہ بر : .....

۴۔ قدرت : .....

۵۔ پیام : .....

II: (الف) درج ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھئے:

۱۔ کبوتر کی جان کیسی ہوتی ہے؟

۲۔ کبوتر کی ادا کیسی ہوتی ہے؟

۳۔ کبوتر کا ٹھکانہ کہاں کہاں ہوتا ہے؟

۴۔ کبوتر کس کا پیام لے کر جاتے ہیں؟

۵۔ کبوتر کا لہو کہاں استعمال ہوتا ہے؟

۶۔ کبوتر کی فطرت کے شیدا کون ہیں؟

(ب) مندرجہ ذیل سوالات کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ کبوتر کی ادا اور ٹھکانوں کے متعلق بتایئے۔

۲۔ کبوتر سے کون کونسے کام لئے جاتے ہیں؟

۳۔ کبوتر کو خدا کی نعمت کیوں کہا جاتا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(ج): مندرجہ ذیل اشعار کا مطلب اپنی زبان میں لکھئے:

۱۔

شاہوں کے معرکوں میں ہوتے تھے نامہ بر یہ
خود اپنے ہی لہو میں ہوتے تھے تربتر یہ

۲۔

اس کے لہو میں اکثر بیمار کی شفا ہے
چھوٹا سا یہ پرندہ ایک نعمتِ خدا ہے

(د): مندرجہ ذیل الفاظ کے ہم قافیہ الفاظ لکھئے:

مثال ، نرالی ، کالی

۱۔ جان:.....

۲۔ شکاری:.....

۳۔ خدا:.....

۴۔ پَر :.....

۵۔ سہانا:.....

۶۔ ذیشان:.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III: لسانی سرگرمی

اشاروں کی مدد سے معمہ مکمل کیجئے اور تر و تازہ ہو جایئے:

مثال: دائیں سے بائیں۔ بادشاہ کا پیام = شاہی

''دائیں سے بائیں''

۱۔ لہو کو اس نام سے بھی جانتے ہیں

۲۔ بیماری دور ہونے کا نام ہے

۳۔ کبوتر کے ٹھکانے

۴۔ پر رکھنے والا

''اوپر سے نیچے''

۱۔ ذیشان کا ہم قافیہ لفظ

۲۔ کبوتر کی اڑان

۳۔ خبر پہچانے والا

۴۔ زمانے کو اس نام سے بھی جانتے ہیں۔

ش	ا	پ	ج	م	ا	ع	ص	غ
ش	ا	ہ	ی	ی	و	ہ	ع	ق
د	ا	چ	پ	ر	ن	د	ہ	ق
ش	ف	ا	ا	ر	چ	د	ا	ا
خ	و	ن	ن	ی	ی	چ	ج	ص
م	ی	ن	ا	ر	م	س	ج	د

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: اس نظم کو غور سے پڑھئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے:

کوئل

تیری رنگت کالی کالی
تیری صورت بھولی بھالی
اڑنے والی ڈالی ڈالی
بن میں شور مچانے والی کوئل تیری کوک نرالی
باغ میں تیری رٹ کو کو کی
دیتی ہے ایک لطف عجب ہی
سنتا ہے جب کوک وہ تیری
خوش ہوتا ہے باغ کا مالی کوئل تیری کوک نرالی
تجھ کو آموں سے رغبت ہے
آم کے باغوں سے الفت ہے
کوکو کرنے کی عادت ہے
کوک سے دل کو تڑپانے والی کوئل تیری کوک نرالی

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTRS

مندرجہ ذیل سوال کے جواب لکھئے:

۱۔ کوئل کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟
۲۔ کوئل کو کس چیز سے رغبت ہے؟
۳۔ باغ کا مالی کیوں خوش ہوتا ہے؟
۴۔ کوئل کی عادت کیسی ہے؟

قواعد

پچھلے سبق میں اسمِ جمع، اسمِ صوت، اسمِ ظرف کے متعلق جان چکے ہیں اب اسمِ ذات، اسمِ کیفیت، اسمِ آلہ کے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔

۱۔ اسمِ ذات:

کسی ایک عام چیز یا جنس کے نام کو اسمِ ذات کہتے ہیں۔

مثلاً: کتّا، دروازہ، لڑکا وغیرہ۔

۲۔ اسمِ کیفیت:

اسمِ کیفیت وہ اسم ہے جس کو ہم صرف محسوس کر سکتے ہیں چھو نہیں سکتے

مثلاً: بچپن، جوانی، تھکن، غصہ، جلن وغیرہ۔

۳۔ اسمِ آلہ:

معدنیات سے بنے ہوئے آلات کے ناموں کو اسمِ آلہ کہا جاتا ہے۔

مثلاً: چاقو، تلوار ، درانتی ، بھالہ، خنجر وغیرہ۔

جانکاری:

☆ 2000 سال پہلے رومن پیغام رسانی کے لئے کبوتر کا استعمال کرتے تھے۔

☆ بارہویں صدی میں بغداد کے سلطان کبوتر کے ذریعے مراسلہ بھجوایا کرتے تھے۔

☆ جدید آلات ہونے کے باوجود فوج کے لوگ خفیہ جانکاری بھیجنے کے لئے کبوتر کا استعمال کرتے رہے ہیں۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:8

حاتم کی سخاوت

میر امن دہلوی

اشارے

- ☆ موقع محل کے تحت گفتگو اور مباحثوں میں زبان کے استعمال کے آداب سمجھائیں۔
- ☆ انسانی اقدار جیسے ہمدردی، عجز و انکساری کے متعلق معلومات فراہم کریں۔
- ☆ اخلاقی کہانیاں بچوں سے کہلوائیں۔
- ☆ املا نویسی، مترادفات، تراکیب وغیرہ کے متعلق جانکاری دیں۔
- ☆ کہاوتیں، محاورے، مرکبات کے ساتھ ساتھ قواعد کو آسان مثالوں سے سمجھائیں۔

حاتم کے وقت میں ایک بادشاہ عرب کا نوفل نام کا تھا۔ اس کو حاتم کے ساتھ بہ سبب نام آوری کے دشمنی کامل ہوئی۔ بہت سی فوج جمع کر کر لڑائی کی خاطر چڑھ آیا۔ حاتم تو خدا ترس اور نیک مرد تھا، یہ سمجھا کہ اگر میں بھی جنگ کی تیاری کروں تو خدا کے بندے مارے جائیں گے اور بڑی خونریزی ہوگی۔ اس کا عذاب میرے نام لکھا جائے گا۔ یہ بات سوچ کر، تن تنہا اپنی جان لے کر ایک پہاڑ کی کھوہ میں جا چھپا۔ جب حاتم کے غائب ہونے کی خبر نوفل کو معلوم ہوئی تو سب گھر بار اور اسباب حاتم کا قرق کیا اور منادی کروادی کہ جو کوئی حاتم کو ڈھونڈ ڈھانڈ کر پکڑ لاوے پانچ سو اشرفی بادشاہ کی سرکار سے انعام پاوے۔ یہ سن کر سب کو لالچ آیا اور جستجو حاتم کی کرنے لگے۔

ایک روز ایک بوڑھا اور اس کی بُڑھیا دو تین بچے چھوٹے چھوٹے ساتھ لئے ہوئے لکڑیاں توڑنے کے واسطے اس غار کے پاس جہاں حاتم پوشیدہ تھا، پہنچے اور لکڑیاں اُس جنگل سے چننے لگے۔ بڑھیا بولی کہ ''اگر ہمارے دن کچھ بھلے آتے تو حاتم کو کہیں دیکھ پاتے اور اس کو پکڑ کر نوفل کے پاس لے جاتے تو وہ پانچ سو اشرفی دیتا، ہم آرام سے کھاتے، اس دکھ دھندے سے چھوٹ جاتے''۔ بوڑھے نے کہا کیا بڑبڑ کرتی ہے ؟ ہمارے طالع میں یہی لکھا ہے کہ روز لکڑیاں توڑیں اور سر پر دھر کر بازار میں بیچیں تب روٹی میسر آوے یا

© TSS NOT TO BE REPUBLISHED

ایک روز جنگل سے باگھ لے جاوے۔ لے اپنا کام کر۔ ہمارے ہاتھ حاتم کا ہے کو آوئے گا اور بادشاہ اتنے روپئے دلاوے گا۔عورت نے ٹھنڈی سانس بھری اور چپکی ہو رہی۔

ان دونوں کی باتیں حاتم نے سُنیں۔مردُمی اور مروّت سے بعید جانا کہ اپنے تئیں چھپائے اور جان کو بچائے اور ان دونوں بے چاروں کو مطلب تک نہ پہنچائے۔سچ ہے اگر آدمی میں رحم نہیں وہ انسان نہیں اور جس کے جی میں ڈر نہیں وہ قصائی ہے۔

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروّبیاں

(خواجہ میر درد)

غرض حاتم کی جواں مردی نے نہ قبول کیا کہ اپنے کانوں سے سن کر چُپکا ہو رہے۔وہ ہی باہر نکل آیا اور اس بوڑھے سے کہا کہ اے عزیز ! حاتم میں ہی ہوں میرے تئیں نوفل کے پاس لے چل۔وہ مجھے دیکھے گا اور جو کچھ روپئے دینے کا اقرار کیا ہے تجھے دیوے گا۔

پیر مرد نے کہا ''سچ ہے کہ اس صورت میں بھلائی اور بہبودی میری البتہ ہے۔لیکن وہ کیا جانیئے تجھ سے کیا سلوک کرے؟ اگر مار ڈالے تو میں کیا کروں؟ یہ مجھ سے ہرگز نہ ہو سکے گا۔تجھ سے انسان کو اپنی طمع کی خاطر دشمن کے حوالے کر دوں، وہ مال کئی دن کھاؤں گا اور کب تک جیوں گا؟ آخر مر جاؤں گا تب خدا کو کیا جواب دوں گا؟''۔

حاتم نے بہت منت کی کہ مجھے لے چل۔میں اپنی خوشی سے کہتا ہوں اور ہمیشہ اسی آرزو میں رہتا ہوں کہ میرا جان و مال کسو کے کام آوئے تو بہتر ہے۔لیکن وہ بوڑھا کسوطرح راضی نہ ہوا کہ حاتم کو لے جاوئے اور انعام پاوئے۔آخر ناچار ہو کر حاتم نے کہا کہ ''اگر تو مجھے یوں نہیں لے جاتا تو میں آپ سے آپ بادشاہ کے پاس جا کر کہتا ہوں کہ اس بوڑھے نے مجھے جنگل میں ایک پہاڑ کی کھوہ میں چھپا رکھا تھا۔'' وہ بوڑھا ہنسا اور بولا، بھلائی کے بدلے برائی ملے تو یا نصیب ! اس ردوبدل کے سوال و جواب میں آدمی اور بھی آن پہنچے، بھیڑ لگ گئی۔انہوں نے معلوم کیا کہ حاتم یہی ہے۔تُرت پکڑ لیا اور حاتم کو لے چلے وہ بوڑھا بھی افسوس کرتا ہوا پیچھے پیچھے ساتھ ہو لیا۔جب نوفل کے روبرو لے گئے تو اس نے پوچھا کہ اسے کون پکڑ لایا؟ ایک بدذات سنگ دل بولا کہ ''ایسا کام سوائے ہمارے کون کر سکتا ہے؟ یہ فتح ہمارے نام ہے۔ہم نے

@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

عرش پر جھنڈا گاڑا ہے۔ایک اورلن ترانی والا ڈینگ مارنے لگا کہ ''میں کئی دن سے دوڑ دھوپ کر کے جنگل سے پکڑ لایا''۔میری محنت پر نظر کیجئے اور جو قرار ہے سو دیجئے۔اسی طرح اشرفیوں کے لالچ سے ہر کوئی کہتا تھا کہ یہ کام مجھ سے ہوا۔وہ بوڑھا چپکا ایک کونے میں لگا ہوا،سب کی شیخیاں سن رہا تھا اور حاتم کی خاطر کھڑا روتا تھا۔جب اپنی اپنی دلاوری اور مردانگی سب کہہ چکے تب حاتم نے بادشاہ سے کہا ''اگر سچ پوچھو تو یہ ہے کہ وہ بوڑھا جو الگ سب سے کھڑا ہے مجھ کو لایا ہے۔اگر قیافہ پہچاننا جانتے ہو تو دریافت کرو،اور میرے پکڑنے کی خاطر جو قول کیا ہے پورا کرو کہ سارے ڈیل میں زبان حلال ہے۔مرد کو چاہیے کہ جو کہے سو کرے۔نہیں تو جیبھ حیوان کو بھی خدا نے دی ہے۔پھر حیوان اور انسان میں کیا تفاوت ہے؟

نوفل نے اس لکڑہارے بوڑھے کو پاس بلا کر پوچھا کہ ''سچ کہہ اصل کیا ہے؟ حاتم کو کون پکڑ لایا''؟ اس بے چارے نے سر سے پانو تک جو گزرا تھا راست کہہ سنایا اور کہا کہ حاتم میری خاطر آپ ہی آپ چلا آیا ہے۔نوفل یہ ہمت حاتم کی سن کر متعجب ہوا کہ ''واہ رے تیری سخاوت!اپنی جان کا بھی خطرہ نہ کیا۔جتنے جھوٹے دعوے حاتم کے پکڑ لانے کے کرتے تھے حکم کیا کہ انکی ٹنڈیاں کس کر پانچ سو اشرفی کے بدلے پانچ سو جوتیاں ان کے سر پر لگاؤ کہ ان کی بھی جان نکل پڑے۔وونہیں تڑاتڑ پیزاریں پڑنے لگیں کہ ایک دم میں سران کے گنجے ہو گئے سچ ہے جھوٹ بولنا ایسا ہی گناہ ہے کہ کوئی گناہ اس کو نہیں پہنچتا۔خدا سب کو اس بلا سے محفوظ رکھے اور جھوٹ بولنے کا چسکا نہ دے۔بہت آدمی جھوٹ موٹھ بکے جاتے ہیں لیکن آزمائش کے وقت سزا پاتے ہیں۔

غرض ان سب کو موافق ان کے انعام دے کر نوفل نے اپنے دل میں خیال کیا کہ حاتم جیسے شخص سے کہ ایک عالم کو اس سے فیض پہنچتا ہے اور محتاجوں کی خاطر جان اپنی دریغ نہیں کرتا اور خدا کی راہ میں سرتا پا حاضر ہے دشمنی رکھنا اور اس کا مدعی ہونا مردانیت اور جواں مردی سے بعید ہے۔وہنیں حاتم کا ہاتھ بڑی دوستی اور گرم جوشی سے پکڑ لیا اور کہا ''کیوں نہ ہو جب ایسے ہو تب ایسے ہو'' تواضع تعظیم کر کر پاس بٹھلایا اور حاتم کا ملک و اِملاک اور مال و اسباب جو کچھ ضبط کیا تھا وہنیں چھوڑ دیا۔نئے سرے سے سرداری قبیلۂ طے کی اُسے دی اور اس بوڑھے کو پانچ سو اشرفیاں اپنے خزانے سے دلوا دیں۔وہ دعا دیتا ہوا چلا گیا۔

(میر امن دہلوی)

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

I: (الف) الفاظ و معنی:

کمال = انتہا
لشکر = فوج، سپاہ
عذاب = سزائے گناہ، تنگی، تکلیف
کھوہ = پہاڑ کے اندر کا کھوکھلا حصّہ
قرق = ضبط
منادی = ڈھنڈورا
جستجو = ڈھونڈ، تلاش
پوشیدہ = چھُپا ہوا، پردے میں
طالع = نصیب، قسمت
میسر = وہ چیز آسانی سے مل سکے، حاصل
مروّت = عجز
بعید = دور، فاصلہ پر
تئیں = کے لئے، بارے میں
عزیز = پیارا
طمع = لالچ، حرص
کسو = کسی کو، کسی کا
تُرت = فوراً، جلدی
فتح = کامیابی
عرش = آسمان
قیافہ = اندازہ، قیاس، فال، شگون
عالم = دُنیا، جہاں
تفاوت = فرق، جدائی

ڈیل = قد و قامت، جسم
دریغ = افسوس، رنج
پیزاریں = جوتیاں
تواضع = آؤ بھگت، خاطر، مہمان نوازی
لن ترانی = تم مجھے دیکھ نہیں سکتے
(اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ سے کہا)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

راست = سچ، ٹھیک، سیدھا

چسکا = شوق

فیض = فائدہ

(ب) : مرکبات:

نیک مرد = اچھی خصلت والا

خون ریزی = جنگ وجدال، قتل وغارت

ڈھونڈ ڈھانڈ = جستجو، کھوج، سراغ، تلاش

دکھ دھندا = دنیا کی تکلیفیں اور کام

ٹرٹر = بک بک۔ گستاخی، مینڈک کی آواز

نون روٹی = نمک روٹی

جواں مردی = بہادری

جان بازی = دلیری

پیر مرد = بوڑھا آدمی، ضعیف

بہتری منت = بہت زیادہ عاجزی

لاچار = بے بس، ہار کر، مجبور ہو کر

آپ سے آپ = خود بخود

ردوبدل = الٹ پلٹ، تکرار

روبرو = آمنے سامنے۔ مقابل، منہ در منہ

بدذات = کمینہ، کم ذات شوخ، شریر

سنگ دل = بے رحم، ظالم

دوڑ دھوپ = محنت، مشقت، کوشش

دلاوری = بہادری، شجاعت

بل بے = واہ واہ، خوب مرحبا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تڑاتڑ = لگاتار، مارنے کی آواز جوتی یا ہاتھ سے مارے نے کی آواز

پندار = تکبر، غرور

گرم جوشی = جوش وخروش، شوق، سعی

(ج): محاورے:

دو یا دو سے زیادہ لفظوں کا مجموعہ جسے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی میں استعمال کیا جائے محاورہ کہلاتا ہے۔

ٹھنڈی سانس = آہ بھرنا، افسوس کرنا۔

جان و مال کو رونا = کسی جان اور مال کے نقصان کا رنج و ملال کرنا، لاچار ہونا، مجبور ہونا، لاعلاج ہونا

عرش پر جھنڈا گڑنا = بہت رعب ہونا، خوش آمد کرنا

لن ترانی کرنا = شیخی مارنا، ڈینگ مارنا

تڑاتڑ پڑنا = لگاتار مار پڑنا

II: (الف) ان سوالوں کے جواب ایک ایک جملے میں لکھئے:

۱۔ عرب کے بادشاہ کا کیا نام تھا؟

۲۔ حاتم غار میں کیوں چھپ گیا؟

۳۔ نوفل بادشاہ نے کیا منادی کروائی؟

۴۔ غار کے پاس پہنچ کر بڑھیا اچانک کیا بول پڑی؟

۵۔ بوڑھے نے بڑھیا سے کیا کہا؟

@ITBS NOT TO BE REPUBLISHED

۶۔ انسان کے تعلق سے کیا کہا گیا ہے؟

۷۔ بوڑھے کے کسی طرح بھی راضی نہ ہونے پر حاتم نے کیا کہا؟

۸۔ نوفل نے جب بوڑھے کے منہ سے حاتم کے آنے کی حقیقت جانی تو اس نے کیا کیا؟

(ب): ان سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ حاتم کو پہاڑ کی کھوہ میں کیوں چھپنا پڑا؟

۲۔ بوڑھے اور بڑھیا کی گفتگو کو اپنے الفاظ میں لکھئے۔

۳۔ نوفل نے حاتم کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

۴۔ نوفل جیسی بڑی طاقت کو حاتم جیسے اکیلے شخص کے سامنے کیوں جھکنا پڑا؟

(ج): کس نے کہا، کس سے کہا، کیوں کہا لکھئے:

۱۔ ''اس کا عذاب میرے نام لکھا جائے گا۔''

۲۔ ''جو کوئی حاتم کو ڈھونڈ ڈھانڈ کر پکڑ لاوے پانچ سو اشرفی بادشاہ کی سرکار سے انعام پاوے۔''

۳۔ ''اگر ہمارے بھی دن کچھ بھلے آتے تو حاتم کو کہیں پاتے۔''

۴۔ ''ہمارے طالع میں یہی لکھا ہے کہ روز لکڑی توڑیں اور سر پر دھرے بازار میں بیچیں۔''

۵۔ ''سچ ہے کہ اس صورت میں بھلائی اور بہبودی میری البتہ ہے۔''

۶۔ ''اگر مار ڈالے تو میں کیا کروں؟ یہ مجھ سے ہرگز نہ ہو سکے گا۔''

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د): مناسب الفاظ سے اِن جملوں کی خالی جگہیں پُر کیجئے:

لڑائی	جان	گرم جوشی	سخاوت	پیدا
کھوہ	فوج	خاطر	حاتم	خطرہ
نوفل	اشرفی	دل	جان	آزمائش

۱۔ بہت سی.....جمع کر کر.....خاطر چڑھ آیا۔

۲۔ تنِ تنہا اپنی.....لے کر ایک پہاڑ کی.....میں جا چھپا۔

۳۔ اس کو پکڑ کر.....کے پاس لے جاتے وہ پانسو.....دیتا اور ہم آرام سے کھاتے۔

۴۔ درد.....کے واسطے.....کیا انسان کو۔

۵۔ اے عزیز.....میں ہی ہوں۔

۶۔ حاتم میری.....آپ ہی آپ چلا آیا ہے۔

۷۔ واہ رے تیری.....!اپنی.....کا بھی.....نہ کیا۔

۸۔ بہت آدمی جھوٹ موٹھ بکے جاتے ہیں لیکن.....کے وقت سزا پاتے ہیں۔

۹۔ حاتم کا ہاتھ بڑی دوستی اور.....سے پکڑ لیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(و): مناسب جوڑ لگائیے:


الف		ب	
۱۔	حاتم کے ساتھ بسبب نام آوری کے	a)	حاتم کا قرق کیا
۲۔	گھر بار اور اسباب	b)	دشمنی کامل ہوئی
۳۔	اس دکھ دھندے	c)	کچھ کم نہ تھے کروّبیاں
۴۔	آدمی میں رحم نہیں	d)	سے نجات پاتے
۵۔	ورنہ طاعت کے لئے	e)	وہ انسان نہیں
		f)	سے چھوٹ جاتے

III: لسانی سرگرمی

خانوں میں چھ محاروں کے الفاظ بکھرے ہوئے ہیں محاورے دو، تین اور چار الفاظ والے ہیں۔

صحیح الفاظ چُن کر محاوروں کی دیوار بنائیے:

1	بجانا	خون		
2	آسمان	پک		
3	اٹھانا	بسانا	کھانا	
4	کان	ہاتھ	کرنا	
5	پر	پی	جانا	کے
6	غم	گھونٹ	سر	تالی



@KEBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: اس عبارت کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے جواب لکھئے۔

چار سال کا بوڑھا

ایک دن ایران کا مشہور بادشاہ نوشیرواں کہیں جا رہا تھا کہ راستے میں ایک بوڑھا ملا جسے دیکھ کر بادشاہ نے پوچھا۔ بڑے میاں ! تمہاری عمر کتنی ہوگی؟ بوڑھے نے جواب دیا، جہاں پناہ کی عمر اور دولت زیادہ اس گہنگار کی عمر صرف چار سال کی ہے۔

نوشیرواں نے کہا۔ ہیں؟ یہ بڑھاپا اور اتنا جھوٹ؟ تمہاری عمر اسّی برس سے کم نہیں ہوسکتی۔

بوڑھے نے جواب دیا۔ جہاں پناہ ! حضور والا کا اندازہ بہت دَرست اور بالکل صحیح مگر اسّی میں چھہتر سال اس عاجز نے یونہی گنوادئے۔ جن میں صرف اپنا اور بال بچوں کا پیٹ پالنا ہی کام سمجھتا رہا۔ اس کے سوا نہ کوئی نیکی کمائی نہ کسی غریب کی مدد کی اب چار سال سے یہ عقل آئی ہے کہ ہم لوگ فقط اپنے ہی لئے پیدا نہیں ہوئے بلکہ دوسروں کا بھی ہم پر کوئی حق ہے اور اب اس پر عمل کر رہا ہوں۔ اس لئے اصلی عمر صرف چار ہی سال کی سمجھتا ہوں باقی فضول۔

بوڑھے نے کیسی اچھی بات کہی کہ جب تک آدمی اپنے کام کو نہ سمجھ لے، آدمیوں میں گنا نہیں جا سکتا بزرگی عقل پر ہے، عمر پر نہیں اور سخاوت دل پر موقوف ہے، مال داری پر نہیں جو لوگ ان باتوں کو پہلے سے سمجھ لیں ان کی کسی بات سے دوسروں کو تکلیف نہیں پہنچتی، بلکہ وہ ہمیشہ کمزوروں اور غریبوں کی مدد کر کے بھلائیاں حاصل کرتے ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

ان سوالات کے جوابات لکھئے۔

۱) نوشیرواں بادشاہ نے بوڑھے سے کیا سوال کیا؟

۲) بوڑھے نے اپنی عمر کتنی بتائی؟

۳) بوڑھے کی حقیقی عمر کتنی تھی؟

۴) بوڑھے نے اپنی عمر چار سال کیوں بتائی؟

۵) کونسے لوگ ہمیشہ بھلائیاں حاصل کرتے ہیں؟

جانکاری:

☆ میر امن دہلوی فورٹ ولیم کالج کولکتہ میں ملازم تھے۔ یہاں انہیں ترجمہ کا کام سونپا گیا۔

☆ عطا حُسین تحسین نے فارسی قصہ ''چہار درویش'' کا فارسی سے اُردو میں ''نوطرز مرصع'' کے نام سے ترجمہ کیا تھا لیکن اس کی زبان بہت مشکل تھی۔

☆ میر امن جب کالج سے وابستہ ہو گئے تو ڈاکٹر جان گلکرائسٹ نے یہ کام ان کی سپرد کیا اس قصّے کو آسان اور عام فہم زبان میں لکھیں۔

☆ میر امن نے قصّہ کو نہایت آسان صاف اور بول چال کی زبان میں باغ و بہار کے نام سے لکھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ کتاب مقبول ہوئی اور آج تک اُسے بہت شوق سے پڑھایا جاتا ہے۔ مطالعہ کیا گیا قصہ بھی ''باغ و بہار'' کی ایک بہترین مثال اور نمونہ نثر ہے۔

☆ ''باغ و بہار'' کی سادگی اور سلاست نے اُردو زبان میں ایک نیا راستہ کھول دیا اور اُردو والوں کو اس بات کا احساس ہو گیا کہ سادگی کا اپنا حسن ہوتا ہے اور اگر زبان کو آگے بڑھنا ہے تو اُسے پیچیدگی لفاظی اور عبارت آرائی سے پرہیز کرنا چاہیئے۔

☆ ''باغ و بہار'' سے اس زمانے کے رہن سہن، طور طریق اور رسم و رواج کا پتہ چلتا ہے مترجم نے علمی زبان استعمال نہ کر کے بول چال کی زبان لکھی ہے، اور اکثر لفظوں کا وہ املا استعمال کیا ہے جس سے بول چال کا تلفّظ معلوم ہو جاتا ہے۔ جیسے جمعرات کو جمعیرات، شب برات کی جگہ ''شبرات'' خوشی کی جگہ ''آنند، رونق کی جگہ، روٹ، پیام کی ''سندیسا''، جیسے لفظوں کا انتخاب کیا تا کہ ہر آدمی اس کتاب کو پڑھ کر لطف حاصل کر سکے۔

NOT TO BE REPUBLISHED ©PCTB

قواعد

اسم کی تعداد

اسم کے تین لوازم ہیں

ا۔ تعداد ۲۔ جنس ۳۔ حالت

ا۔ تعداد: اسم ایک ہوگا یا ایک سے زیادہ اُس کو تعداد کہتے ہیں۔

تعداد کے لحاظ سے اسم کے دو قسمیں ہیں (ا) واحد (۲) جمع

ا۔ واحد: لفظ کی جس صورت سے ایک چیز یا ایک جاندار سمجھ میں آئے اُسے واحد کہتے ہیں۔

جیسے: کتاب، قلم، کاپی، بس، ٹرین، لڑکا، لڑکی، گائے، بھینس وغیرہ

۲۔ جمع: لفظ کی جس صورت سے ایک سے زیادہ چیزیں ظاہر ہوں اُسے جمع کہتے ہیں۔

جیسے: کاپیاں، بکریاں، کتابیں، لڑکے، لڑکیاں وغیرہ

جمع بنانے کے اصول:

الف۔ مذکر الفاظ سے واحد مذکر الفاظ کے آخر میں ''الف'' ہو تو اُسے ''یائے مجہول'' سے بدل کر جمع بناتے ہیں۔ جیسے: لڑکا سے لڑکے، گھوڑا سے گھوڑے

ب۔ مونث الفاظ سے: (i) مونث لفظ کے آخر میں ''یائے معروف'' کو یاں سے بدل دیتے ہیں۔

جیسے: لڑکی سے لڑکیاں، ندی سے ندیاں

(ii)۔ اگر کسی مونث لفظ کے آخر میں ''یا'' ہو تو اس کے آگے ''نون غنہ'' بڑھا دیتے ہیں۔

جیسے: چڑیا سے چڑیاں، بڑھیا سے بڑھیاں، گڑیا سے گڑیاں

ج۔ بعض مذکر اور مونث لفظ کے آخری حرف کے آگے ''وں'' کا اضافہ کرتے ہیں۔

جیسے مرد، مردوں، عورت، عورتوں، بچہ، بچوں، آدمی، آدمیوں

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:9

غزل

D6M7H5

اشارے:

- ☆ اصنافِ سخن میں غزل کے متعلق جانکاری دیں۔
- ☆ قافیہ اور ردیف کے متعلق جانکاری دیں۔
- ☆ اس غزل کو ترنم سے پڑھائیں۔
- ☆ املا نویسی اور آسان قواعد کی مشق کرائیں۔

غزل اُردو شاعری کی مشہور و معروف صنف ہے۔ غزل کے لغوی معنی عورتوں سے باتیں کرنے کے ہیں ۔ اصطلاح میں اشعار کے اس مجموعے کو کہتے ہیں جس میں عاشقانہ مضامین کے علاوہ فلسفہ، تصوف، اخلاقیات، معرفتِ الٰہی، پند و نصائح، رموز حیات و ممات وغیرہ کا بیان ہوتا ہے۔

غزل کا پہلا شعر مطلع کہلاتا ہے۔ جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ باقی تمام اشعار کے مصرعۂ ثانی میں قافیہ ہوتا ہے۔ قافیہ کے بعد اکثر غزلوں میں ردیف بھی استعمال ہوتی ہے۔ ردیف کی وجہ سے شعر میں موسیقی پیدا ہوتی ہے۔ غزل کا آخری شعر مقطع کہلاتا ہے جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔ غزل کے سب سے اچھے شعر کو بیت الغزل یا شاہ بیت کہتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

فقیرانہ آئے صدا کر چلے — میاں خوش رہو ہم دعا کر چلے
جو تجھ بن نہ جینے کو کہتے تھے ہم — سو اس عہد کو اب وفا کر چلے
شفا اپنی تقدیر ہی میں نہ تھی — کہ مقدور تک تو دوا کر چلے

وہ کیا چیز ہے آہ ! جس کے لئے ہر اک چیز سے دل اٹھا کر چلے
کوئی نا امید نہ کرتے نگاہ سو تم ہم سے منہ بھی چھپا کر چلے
بہت آرزو تھی گلی کی تری سو یاں سے لہو میں نہا کر چلے
جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ
جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے

تخلیق کار:



نام میر تقی، تخلص میرؔ 1724ء کو آگرہ (اکبرآباد) کے ایک علم دوست صوفی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ وہ دس سال ہی کے تھے کہ اُن کے والد محمد علی عرف علی متقی کا انتقال ہوگیا چنانچہ وہ آگرہ سے دہلی منتقل ہوگئے دہلی ہی میں اُن کی ملاقات سید سعادت علی امروہوی سے ہوئی، جنہوں نے میرؔ کو اُردو میں شعر گوئی کی طرف راغب کیا۔ دلّی کی بربادی کے بعد لکھنؤ جانا پڑا۔ بڑے نازک مزاج اور حساس تھے۔ میرؔ کلاسکی اُردو غزل کے ایک بڑے شاعر ہیں، وہ اُردو غزل کے امام سمجھے جاتے ہیں۔ اسی لئے انہیں خدائے سخن بھی کہا جاتا ہے۔ ان کی مثنویوں بہارِ عشق۔ شعلہ عشق اور دریائے عشق کو بھی شہرت ملی۔ خودداری اور قناعت کے ساتھ زندگی بسر کی۔ میرؔ کی وفات 1810ء کو لکھنؤ میں ہوئی۔

I: (الف) الفاظ و معنی:

فقیرانہ = فقیروں کی مانند
یاں = یہاں
صدا = آواز، گونج
شِفا = صحت، تندرستی

NOT TO BE REPUBLISHED © KBS

مقدور = طاقت، حیثیت

پرستش = بندگی، پوجا

(ب) اِن الفاظ کی ضد لکھئے:

فقیر × ..... خوش × .....

وفا × ..... حق × .....

(ج) جمع لکھئے۔

دعا = ... دوا = ...

سجدہ = ... حق = ...

II: (الف) ان سوالوں کے جواب ایک ایک جملے میں لکھئے:

۱۔ دوا کرنے کے باوجود بیمار کو شفا کیوں نہ ملی؟

۲۔ ہر ایک چیز سے دل اٹھا لینے سے میرؔ کی کیا مراد ہے؟

۳۔ میر تقی میرؔ کی آرزو کیا تھی اور ہوا کیا؟

۴۔ وہ شعر لکھئے جس میں شاعر نے بتایا ہے کہ اللہ نے انسان کو اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے؟

(ب) نیچے درج الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے::

صدا، شفا، تقدیر، دل، بندگی، جہاں

(ج) نیچے لکھے ہوئے محاوروں کا مطلب لکھ کر جملے میں استعمال کیجئے:

دل اٹھانا :.....

حق ادا کرنا:.....

(د) املا درست کیجئے:

فخیرانہ، قوش، دُوعا، بندغی

سِفا، چیج، زبیں،

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III. (الف) صحیح جوڑ لگا کر اشعار مکمل کیجئے:

'الف'	'ب'
۱۔ فقیرانہ آئے صدا کر چلے	جہاں میں تم آئے تھے کیا کر چلے
۲۔ وہ کیا چیز ہے آہ جس کے لئے	حقِ بندگی ہم ادا کر چلے
۳۔ جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی	میاں خوش رہو ہم دُعا کر چلے
۴۔ کہیں کیا جو پوچھے کوئی ہم سے میرؔ	ہر ایک چیز سے دل اٹھا کر چلے

(ب) صحیح ترتیب سے لکھئے:

تقدیر ہی میں اپنی تھی نہ شفا	مقدور تک کہ تو دوا کر چلے
ہم تجھ بن جو نہ جینے کو کہتے تھے	اب اس عہد کو سو وفا کر چلے
نگاہ نا اُمید کوئی نہ کرتے	منہ بھی سو ہم تم سے چلے چھپا کر

(ج) معنوی فرق واضح کیجئے:

صدا، سدا　　عہد، عہد　　چھُپا، چھپا　　حق، حق

اس غزل کے ہر شعر کے دوسرے مصرعے میں ''کر چلے'' الفاظ آئے ہیں۔ اسے ردیف کہتے ہیں۔ ردیف غزل کے پہلے شعر (مطلع) میں دو بار آتی ہے اور باقی اشعار کے ہر دوسرے مصرعے میں اس کی تکرار ہوتی ہے۔ اس کے الفاظ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ ردیف سے پہلے آنے والے لفظ کو ''قافیہ'' کہتے ہیں۔ قافیہ کے الفاظ بدلتے رہتے ہیں۔ صدا، دُعا وغیرہ۔ ان کا ہم وزن ہونا ضروری ہے۔

(د) اس غزل میں استعمال کردہ قافیوں کی فہرست بنایئے:

.....

.....

.....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III: لسانی سرگرمیاں

(الف): نیچے تین جدول دیئے گئے ہیں مثال کے مطابق پانچ حروف والے کم از کم پانچ ہم قافیہ الفاظ بنایئے۔

مثال: معصوم

م	ع	ص	و	م
م				م
م				م
م				م
م				م
م				م
م				م
م				م
م				م
م				م

انعام

ا	ن	ع	ا	م
ا				م
ا				م
ا				م
ا				م
ا				م
ا				م
ا				م
ا				م
ا				م

محبوب

م	ح	ب	و	ب
م				ب
م				ب
م				ب
م				ب
م				ب
م				ب
م				ب
م				ب
م				ب

(ب): جدول میں دائیں طرف چند مشہور اصحابؓ کے نام ہیں اور بائیں طرف ان کی کُنیت بے ترتیبی سے دی گئی ہے ان کے صحیح جوڑ لگایئے۔

'الف'	'ب'
۱۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ	(i) ابوحفص
۲۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ	(ii) ابوالقاسم

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

۳۔	حضرت عمر فاروقؓ	(iii)	ابوالحسن اور ابوتراب
۴۔	حضرت عثمانؓ	(iv)	ابوعبداللہ
۵۔	حضرت علی رضی اللہ عنہ	(v)	ابوعمر
۶۔	حضرت امام حسنؓ	(vi)	ابوبکر
۷۔	حضرت امام حسینؓ	(vii)	ابومحمد

(ج) بے ترتیب حرف کو صحیح ترتیب سے جوڑ کر الفاظ بنایئے:

مثال: ل۔ا۔ا۔ذ — اذاں

۱۔ س۔م۔ج۔د .....

۲۔ ن۔د۔م۔ر .....

۳۔ گ۔و۔ر۔د۔ا۔ر۔ہ .....

۴۔ د۔ڑ۔ب۔گ۔د۔ا .....

۵۔ ج۔ر۔ا۔د .....

۶۔ ک۔ل۔ا۔ی۔س .....

۷۔ ت۔ج۔ا۔ح۔م۔ل .....

۸۔ ل۔ل۔ق۔ہ۔ع۔ل۔ا .....

۹۔ چ۔ا۔ر۔م۔ن۔ا۔ی .....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV: (الف) اس غزل کو غور سے پڑھئے اور سوالوں کے جواب لکھئے:

ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

نہ سنو گر برا کہے کوئی
نہ کہو گر برا کرے کوئی

روک لو گر غلط چلے کوئی
بخش دو گر خطا کرے کوئی

کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند
کس کی حاجت روا کرے کوئی

کیا کِیا خضرؑ نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ
کیوں کسی کا گِلہ کرے کوئی

سوالات:

۱۔ ابنِ مریم کون ہیں؟
۲۔ اگر کوئی کسی کو برا کہے تو کیا کرنا چاہیئے؟
۳۔ اگر کوئی برا کرے تو کیا کرنا چاہیئے؟
۴۔ غلط چلنے والے کو کیا کرنا چاہیئے؟
۵۔ خطا کرنے والے کو کیا کرنا چاہیئے؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۶۔ دنیا میں کون حاجت مند نہیں ہے؟

۷۔ گلہ کب نہیں کیا جاتا؟

کالم ۱ اور کالم ۲ پر غور کیجئے۔

(ب) سابقے لاحقے

کالم ۱	کالم ۲
مجھے علم حاصل کرنے کا بے حد شوق ہے	عیدالفطر کی خوشی عیدگاہ میں دوبالا ہوجاتی ہے
عدالت نے اُسے باعزت رہا کیا	ایمان دار لوگوں کی ہر جگہ قدر ہوتی ہے
بدنصیب ہیں جو ماں باپ کی قدر نہیں کرتے	کسی دن میرے غریب خانہ تشریف لاؤ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مندرجہ بالا پہلے کالم میں 'بے' با اور 'بد' دوسرے الفاظ کے شروع میں جڑ کر انہیں ایک نیا مفہوم دے رہے ہیں۔ جیسے بے حد یعنی بہت، باعزت یعنی عزت کے ساتھ، اور بدنصیب یعنی بُرے نصیب والے۔

کسی لفظ کے شروع میں لفظ سے جڑ کر ایک خاص معنی پیدا کرنے والے جُز کو سابقہ کہتے ہیں۔ اسی طرح لفظ کے آخر میں جڑنے والے جُز کو لاحقہ کہتے ہیں۔

مندرجہ بالا کالم ۲ میں گاہ، دار، اور خانہ لاحقے ہیں۔ سابقے اور لاحقے قوت اظہار کو بڑھاتے ہیں۔ ضرورت پڑھنے پر ہم اپنی طرف سے بھی سابقے اور لاحقے لگا کر نئے الفاظ بنا سکتے ہیں۔

مثال کے مطابق مناسب سابقہ لگا کر ۵ نئی ترکیبیں بنایئے اور جملوں میں استعمال کیجئے۔

مثال: نا، ناانصاف: ناانصافی بُری بات ہے۔

لا، لازوال : اللہ کی ذات لازوال ہے۔

V: درج ذیل لاحقوں کی مدد سے مرکبات بنائیے:

ترکیبات


ا۔ آبِ رواں

۲۔

۳۔

۴۔

۵




ا۔ حاجت مند

۲۔

۳۔

۴۔

۵۔



@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

قواعد

بے جان کی تذکیر و تانیث:

بے جان چیزوں میں جنس کا پتہ صرف زبان کی اچھی معلومات سے ہی چلتا ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل قاعدے مددگار رہوتے ہیں۔

۱۔ جن الفاظ کے آخر میں ''الف، ہ'' ہو وہ عام طور پر مذکر ہوتے ہیں۔

جیسے: لوٹا، کپڑا، دروازہ، چمچہ، توشہ وغیرہ

لیکن ڈبیہ، پڑیا وغیرہ مونث ہیں۔

۲۔ جن الفاظ کے آخر میں ''ی، ت یا ٹ'' ہوں وہ مونث میں شمار کئے جاتے ہیں۔

جیسے: نوکری، کھڑکی، صورت ، مورت ، بناوٹ، آہٹ

لیکن گھی، موتی، دہی، پانی وغیرہ مذکر ہیں

۳۔ ہندی کے وہ الفاظ جن کے آخر میں یا ہوتا ہے مونث ہوتے ہیں۔

جیسے چڑیا، پُڑیا، ڈبیا وغیرہ

۴۔ ہندی کے ایسے اسم جو مصدر یا کسی دوسرے اسم سے بنائے جاتے ہیں اور کسی کیفیت کو بتاتے ہیں وہ مونث ہوتے ہیں۔ جیسے پھسلن، اترن، دھڑکن۔

۵۔ وہ اسم جن کے آخر میں ''پن'' ہوتا ہے مذکر ہوتے ہیں۔

جیسے لڑکپن، بچپن، دیوانہ پن وغیرہ۔

☆☆☆

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

سبق:10

گدھے کی حجامت

ڈاکٹر اظہار افسر

اشارے:

☆ سُنے ہوئے حالات کا اندازہ کرنے کے قابل بنائیں۔
☆ ڈراموں اور مباحثوں میں حصّہ لینے کے قابل بنائیں ۔
☆ مدرسے کے سالانہ جلسے میں ڈراما پیش کروائیں۔
☆ تلفظ کا خاص خیال رکھیں، قواعد کو مثال کے ساتھ سمجھائیں اور املا نویسی کروائیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کِردار: ہارون رشید ..... بغداد کا بادشاہ
علی صیقل ..... ایک چالاک نائی
لکڑہارا، سپاہی اور درباری وغیرہ۔

پہلا منظر

(پردہ اٹھتا ہے۔ ہارون رشید تخت پر بیٹھے ہیں۔ دو خادمِ پنکھا جھل رہے ہیں۔ قطاروں میں درباری ہاتھ باندھے کھڑے ہیں لکڑہارا دو سپاہیوں کے ساتھ دربار میں داخل ہوتا ہے اور زمین کو چومتا ہے۔)

لکڑہارا: خدا خلیفہ کو سلامت رکھے۔ ظلِ الٰہی مجھ پر ظلم ہوا ہے، میرے ساتھ انصاف کیا جائے۔

ہارون رشید: تم کو جو شکایت ہے صاف صاف کہو تمہارے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔ بتاؤ تم پر کس نے ظلم کیا؟



لکڑہارا: حضور میں ایک غریب لکڑہارا ہوں۔ صبح سے شام تک جنگل میں دھوپ اور گرمی میں مارا مارا پھرتا ہوں لکڑیاں اکٹھا کرتا ہوں اور شہر میں لا کر بیچتا ہوں اور اپنے بچوں کا پیٹ پالتا ہوں۔ جس آدمی نے مجھ پر ظلم کیا ہے اس کا نام علی صیقل ہے وہ شہر بغداد کا مشہور نائی ہے۔

ہارون رشید: کیا ظلم ہوا ہے تم پر؟

لکڑہارا: حضور ! اُس کے ہاتھ میں اللہ نے ایسا کمال دیا ہے کہ وہ اپنے اُسترے سے لوگوں کے بال آنکھیں بند کر کے مونڈ سکتا ہے۔ کیا مجال کہ کہیں ایک خراش بھی آجائے۔ شہر کے چھوٹے بڑے سبھی اس کو جانتے ہیں۔ قاضی، مفتی اور کوتوال سب اس کے دوست ہیں۔

ہارون رشید: (مُسکرا کر) اچھا ! تو بہت ہوشیار ہے وہ اپنے فن میں۔

لکڑہارا: مگر حضور اس نے تو میری حجامت ! بغیر اُسترے کے ہی بنا دی۔ مجھے دھوکہ دیا میری فریاد کسی نے نہیں سنی..... قاضیٔ شہر، مفتی اور کوتوال سب کے پاس گیا۔ سب نے مجھے ہی قصوروار ٹھہرایا۔ اب میں سب سے مایوس ہو کر آپ کے پاس آیا ہوں۔ خدارا انصاف فرمایئے۔

@KUBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہارون رشید: تمہارے ساتھ ضرور انصاف ہوگا، مگر پہلے تم اپنی پوری بات تو بتاؤ۔

لکڑہارا: بات یہ ہے حضور میں پچھلے جمعہ کو اپنے گدھے پر لکڑیاں لاد کر بیچنے کے لئے شہر لایا۔ علی صیقل نے مجھے بلایا اور پوچھا کہ گدھے پر لدی ہوئی لکڑیوں کی قیمت کیا لوگے؟ میں نے قیمت بتائی۔ تھوڑا سا مول تول ہوا اور سودا طے ہو گیا۔ میں نے لکڑیوں کا گٹھا اتار کر اسکی دکان پر رکھ دیا۔ اس پر وہ چالاک نائی بولا کہ ساری لکڑیوں کی قیمت طے ہوئی ہے اس میں گدھے کی کاٹھی بھی شامل ہے۔ وہ بھی لکڑی ہے۔ میرا اور اس کا، بڑا جھگڑا ہوا۔ بہت سارے لوگ اکٹھا ہو گئے لیکن میری بات کسی نے نہ مانی۔ سب نے اسی کا ساتھ دیا۔ اس نے میرے گدھے کی کاٹھی اُتروالی .....میں قاضی، مفتی اور کوتوال کے پاس گیا۔ سب نے ہی کہا کہ علی صیقل نے ٹھیک ہی کیا ہے۔



ہارون رشید: (مسکراتے ہوئے) میاں لکڑہارے ہمیں تمہارے ساتھ ہمدردی ہے مگر علی صیقل کے خلاف مقدمہ نہیں بنتا۔ اس نے گدھے پر رکھی ہوئی ساری لکڑیاں طے کی تھی اسے کاٹھی لینے کا حق تھا۔

لکڑہارا: مگر حضور!

ہارون رشید: تم گھبراؤ نہیں.....میرے قریب آؤ تمہارے کان میں ایک راز کی بات کہنا چاہتا ہوں۔

(لکڑہارا ہارون رشید کے قریب آجاتا ہے۔ ہارون رشید اس کے کان میں کچھ کہتا ہے۔ لکڑہارا خوش ہو جاتا ہے۔ زمین چومتا ہے اور واپس ہو جاتا ہے۔)

NOT FOR SALE PEC PUBLISHED

دوسرا منظر

(ہارون رشید تخت پر بیٹھے ہیں ۔درباری ہاتھ باندھے قطاروں میں کھڑے ہیں
لکڑہارا داخل ہوتا ہے.....زمین چومتا ہے۔)

لکڑہارا: خلیفہ کی دہائی ہے.....علی صیقل نے مجھ پر ظلم کیا ہے مجھے مارا۔

ہارون رشید: (مُسکرا کر) اچھا اچھا.....تمہارے ساتھ انصاف ہوگا۔(حکم دیتا ہے)
علی صیقل کو حاضر کیا جائے!

(تھوڑی دیر کے بعد علی صیقل حاضر ہوتا ہے)

علی صیقل: (زمین چومتا ہے) حضور کا اقبال بلند ہو!

ہارون رشید: میاں لکڑہارے !اب تم بیان کرو کیا معاملہ ہے؟

لکڑہارا: حضور! آج میں علی صیقل کی دکان پر گیا اور میں نے پوچھا ''میاں علی صیقل کیا تم میری اور میرے ساتھی کی حجامت بنادو گے؟''اس نے ہامی بھر لی اور کہا ''لے آؤ اپنے ساتھی کو میں اس کی حجامت بنادوں گا''میں اپنے ساتھی گدھے کو لے گیا اور کہا لو بناؤ یہ رہا میرا ساتھی اس پر علی صیقل نے مجھے برا بھلا کہا اور مارا۔



ہارون رشید: علی صیقل ! کیا یہ بات سچ ہے کہ تم نے میاں لکڑہارے کے ساتھی کی حجامت بنانے کی ہامی بھری تھی ؟

NOT TO BE @KTBS REPUBLISHED


علی صیقل: حضور والا یہ بالکل سچ ہے کہ میں نے ہامی بھری تھی لیکن آپ ہی انصاف فرمائیں کہ آج تک کسی معقول آدمی نے کسی نامعقول گدھے کو اپنا ساتھی کہا ہے؟ اور اس کی حجامت بنوانے پر زور دیا ہے؟

ہارون رشید: مگر یہ تو قول وقرار کی بات ہے۔ اگر آدمی اپنے قول سے پھر جایا کریں تو پھر اس دنیا میں کون کس کا اعتبار کرے گا؟ کیا تم نے سنا ہے کہ کسی معقول آدمی نے گدھے پر لدی ہوئی لکڑیوں کے ساتھ گدھے کی کاٹھی لینے پر بھی اصرار کیا ہے؟

علی صیقل: مگر.....مگر

ہارون رشید: اگر مگر کچھ نہیں تم نے جو وعدہ کیا ہے اس کو پورا کرنا ہی پڑے گا.....

علی صیقل: مگر حضور، میں نے آج تک کسی گدھے کی حجامت نہیں بنائی میں سارے بغداد میں بدنام ہو جاؤں گا۔ لوگ میرا مذاق اڑائیں گے۔



ہارون رشید: (غصّہ سے) تم کو گدھے کی حجامت بنانی ہوگی۔ اب میاں لکڑہارے کی باری ہے۔ اگر تم گدھے کی حجامت نہیں بناتے ہو تو سخت سزا کے لئے تیار ہو جاؤ۔

علی صیقل: (خوف سے کانپتا ہے) نہیں، نہیں حضور میں گدھے کی حجامت ضرور بناؤں گا۔

ہارون رشید: میاں لکڑہارے لاؤ اپنا گدھا.....اور یہ لو اشرفیوں کی تھیلی۔ آج تم بہت دلچسپ

NOT TO BE PUBLISHED KTBS

مقدمہ لائے ہو۔

(علی صیقل گدھے کی حجامت بناتا ہے سارے درباری ہنستے ہیں)

(پردہ گرتا ہے)

I: (الف): الفاظ و معنی:

اُسترا = بال مونڈنے کا اوزار

خراش = ہلکا سا زخم جو رگڑ سے لگے

قصوروار = خطا کرنے والا، گنہگار

مول تول = قیمت کا تعین، سودا

مقدمہ = دعویٰ

معقول = مناسب، درست

اعتبار = بھروسہ، یقین

کاٹھی = گھوڑے کا زین جس کے نیچے لکڑی ہوتی ہے۔

(ب): مرکبات:

قاضیٔ شہر = شہر کا مسلمان منصف

مول تول = قیمت کا تعین کرنا، سودا کرنا

قصوروار = خطا کرنے والا، گنہگار

قول و قرار = عہد و پیمان، وعدہ وعید

بدنام = رُسوا، جس کا نام خراب ہو

(ج): مترادفات:

بادشاہ = شہنشاہ، شاہ

جنگل = دشت، صحرا

صبح = سویرا، سحر

زمین = ارض، فرش

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

(د) مذکر و مونث:

بادشاہ = ملکہ

خادم = خادِمہ

II. (الف) ان الفاظ کی جمع لکھئے:

شکایت ..... سپاہی .....

فن ..... کمال .....

خلیفہ .....

قول ..... حق .....

قیمت ..... مقدمہ .....

(ب) ان الفاظ کی واحد لکھئے:

لکڑیوں : ..... قطاروں : .....

سزاؤں : ..... اشرفیوں : .....

(ج) ان الفاظ کی ضد لکھئے:

خادم × ..... معقول × .....

غریب × ..... دھوپ × .....

شہر × ..... مشہور × .....

ہوشیار × ..... گرمی × .....

سخت × .....

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III: (الف) ان سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھئے:

۱۔ ہارون رشید کون تھے؟

۲۔ علی صیقل کون تھا؟

۳۔ لکڑہارے نے کس سے فریاد کی؟

۴۔ علی صیقل کا کمال کیا تھا؟

۵۔ علی صیقل کے دوست کون تھے؟

۶۔ علی صیقل کے دوستوں نے کس کو قصوروار ٹھہرایا؟

۷۔ لکڑہارا اور علی صیقل کے درمیان کس بات پر جھگڑا ہوا؟

۸۔ لکڑہارے کو راز کی بات کس نے سنائی؟

۹۔ لکڑہارے کا ساتھی کون تھا؟

۱۰۔ ہارون رشید نے انعام کس کو دیا؟

(ب) ان سوالوں کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھئے:

۱۔ لکڑہارے نے خلیفہ کے پاس کیا شکایت پیش کی؟

۲۔ لکڑہارے کی فریاد سن کر خلیفہ نے کیا جواب دیا؟

۳۔ علی صیقل نے لکڑہارے کو کیوں مارا؟

۴۔ علی صیقل گدھے کی حجامت بنانے پر کیوں راضی نہ ہوا؟

۵۔ اس ڈرامے کا مرکزی خیال کیا ہے؟

(ج) خانہ پُری کیجئے:

۱۔ وہ شہر.....کا مشہور نائی ہے۔

۲۔ میاں لکڑہارے ہمیں تمہارے ساتھ.....ہے۔

۳۔ تمہارے کان میں ایک.....کی بات کہنا چاہتا ہوں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

۴۔ حضور میں نے آج تک کسی گدھے کی.....نہیں بنائی۔

۵۔ آج تم بہت دلچسپ.....لائے ہو۔

(د) متن کے حوالے سے ان کی تشریح کیجئے: (کس نے کہا کس سے کہا)۔

۱۔ ''تم کو جو شکایت ہے صاف صاف کہو، تمہارے ساتھ انصاف کیا جائے گا۔''

۲۔ ''کیا مجال کہ کہیں ایک خراش بھی آ جائے۔''

۳۔ ''تم نے جو وعدہ کیا ہے۔ اس کو پورا کرنا ہی پڑے گا۔''

۴۔ ''لے آؤ اپنے ساتھی کو میں اس کی حجامت بنا دوں گا۔''

۵۔ ''آج تم بہت دلچسپ مقدمہ لائے ہو۔''

III: (الف) لِسانی سرگرمی

کالم 'الف' میں دئے ہوئے الفاظ کا مناسب مفہوم کالم 'ج' سے اخذ کرتے ہوئے کالم 'ب' میں لکھئے۔

شمار	الف	ب	شمار	ج
۱	رہبر		۱	انصاف کرنے والا
۲	سائل		۲	ہدایت دینے والا
۳	خالق		۳	علم سکھانے والا
۴	مصور		۴	فتویٰ دینے والا
۵	فانی		۵	تحقیق کرنے والا
۶	معمار		۶	علاج کرنے والا
۷	حافظ		۷	سیر کرنے والا
۸	معلم		۸	فنا ہونے والا

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

۹	سیاح		۹	سوال کرنے والا
۱۰	مفتی		۱۰	تخلیق کرنے والا
۱۱	معالج		۱۱	راستہ دکھانے والا
۱۲	منصف		۱۲	حفظ کرنے والا
۱۳	محقق		۱۳	تعمیر کرنے والا
۱۴	ہادی		۱۴	تصویر بنانے والا

(ب) مشق: درج ذیل تکراری حروف والفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے:

مثال: ساتھ ساتھ = آپ ہمارے ساتھ ساتھ چلئے۔

۱۔ سچ سچ = ...

۲۔ خوشی خوشی = ...

۳۔ الگ الگ = ...

۴۔ بوند بوند = ...

۵۔ بار بار = ...

۶۔ قسم قسم = ...

۷۔ بات بات = ...

۸۔ گلی گلی = ...

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

IV : اس عبارت کو غور سے پڑھئے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے:

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ بہت ہی نیک اور سادہ مزاج خلیفہ گذرے ہیں۔ایک دن آپ کے یہاں ایک مہمان آیا۔آپ چراغ کی روشنی میں کچھ لکھ رہے تھے۔اتفاق سے چراغ میں تیل نہ رہا اور وہ تھوڑی دیر میں ٹمٹما کر گل ہونے لگا۔مہمان بولے۔

''آپ فکر نہ کریں، میں ابھی ٹھیک کئے دیتا ہوں۔

''مہمان سے خدمت لینا درست نہیں''

خلیفہ نے جواب دیا۔

''اچھا تو نوکر کو جگائے دیتا ہوں وہ اسے ٹھیک کر دے گا۔''مہمان نے عرض کیا۔

''نہیں اُس غریب کو سونے دو۔ابھی ابھی تو سویا ہے۔خواہ مخواہ اسے تکلیف ہوگی یہ کہہ کر خلیفہ خود ہی اٹھے اور چراغ میں تیل ڈال لائے۔''

''آخر آپ ہی نے تکلیف فرمائی''مہمان نے کہا۔

''کیا ہوا؟''خلیفہ نے جواب دیا۔''اس میں تکلیف کی کیا بات تھی۔جب میں تیل ڈالنے گیا تھا، اس وقت بھی عمر تھا اور اب واپس آیا ہوں تو بھی عمر ہوں۔''

مہمان ان کا یہ جواب سُن کر لاجواب ہو گیا۔

دُنیا میں جتنے بھی عظیم انسان گذرے ہیں وہ سب اپنے ہاتھوں سے کام کرنے کو بُرا نہیں سمجھتے تھے۔ وہ خود بھی کام کرتے تھے اور دوسروں کو بھی کام کی ترغیب دیتے تھے آخر خدا نے ہمیں ہاتھ کس لئے دیئے ہیں؟ کام کرنے کے لئے ہی دیئے ہیں۔

ہم اگر اپنے ہاتھوں سے کام کرنے میں شرم محسوس کریں تو یہ غلط ہوگا۔جو اپنے ہاتھوں سے کام نہیں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرتے وہ ہمیشہ دوسروں کے محتاج رہتے ہیں۔

سوالات:

۱۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کا مزاج کیسا تھا؟

۲۔ خلیفہ کے پاس کون آیا؟

۳۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ چراغ کی روشنی میں کیا کر رہے تھے؟

۴۔ مہمان نے خلیفہ سے کیا کہا؟

۵۔ نوکر کے متعلق خلیفہ نے کیا جواب دیا؟

۶۔ چراغ میں تیل کس نے ڈالا؟

۷۔ مہمان لاجواب ہو گیا کیوں؟

۸۔ عظیم انسان کس بات کو بُرا نہیں سمجھتے؟

۹۔ جو اپنے ہاتھوں سے کام نہیں کرتے اُن کا انجام کیا ہوتا ہے؟

۱۰۔ اس عبارت سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

گنجینۂ الفاظ

آ	اسیر	بازو	پرستش	جبل	حبیب
آمرا	انجام	بن دام	ت	جمال	حال
آسمان	ارباب	بجلی	تشریف	جان ودل	حقیقی
آزمائش	ایجاد	برق	تنہا	جنگ	حق
آزادی	افادیت	بینک	تحریک	جدوجہد	حضرت حمزہؓ
آخرکار	استعمال	بیمار	تقویت	جوش	حوصلہ
آگاہ	اطلاع	بعید	ترغیب	جماعت	حب الوطنی
آلہ	انتخاب	پ	ترقی	جال	حفاظت
ا	انٹرنیٹ	پسند	تاریخ	جدید	خ
اِلتجا	استرا	پسر	تفصیلات	جانکاری	خدا
اُفق	اعتبار	پوشاک	تقسیم	جذبہ	خاص
اُمم	ب	پیش پیش	تربتر	جستجو	خاتون
اعلان	بے کراں	پیدائش	تیئں	چ	خندق
اطراف	بے مثال	پسند	ترت	چمن	خدشہ
انتشار	بحروبر	پرتگال	ٹ	چارہ گر	خیمہ
اشک	بہادر	پیغام	ٹیلی ویژن	چھوڑنا	خطرہ
اضطراب	بدر	پرندہ	ٹیلی فون	چسکا	خاموش
انہسا	بنیاد	پہچان	ج	ح	خدمت
اُبھارنا	بند	پوشیدہ	جہاں	حُسن لازوال	خبر

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

خفیہ	ذرائع	س	شاہین	علحٰیدہ	ک
خوشنما	ذیشان	ساز	ص	عاشق	کہکشاں
خودکار	ر	سوا	صدا	عقیدہ	کاروائی
خراش	رواں	سمت	صُفیہؓ	عہد	کفار
د	رنگ و بو	ستیہ گرہ	صحابہ	عاجز	کمزور
دشت	رب	سرحد	صبر	عرش	کلیجہ
دامن	رضا	سلطنت	ض	عالم	کردار
دو جہاں	روشنی	سمجھ	ضوفگن	عذاب	کلام
دین	رسول اللہؐ	سید	ضعیف	غ	کمپیوٹر
دفاعی	روس	سائنس	ط	غلام	کارڈ
دلیری	روبوٹ	ش	طرف	غنیمت	کیش
دیا	رقم	شہ	طبقہ	ق	کوہ
داخل	روزمرہ	شرم	طالع	قلعہ	کسو
دھیرے	رنگت	شجاعت	طمع	قانون	کمال
دام	راست	شہید	ظ	قاعدہ	کاٹھی
دورِحاضرہ	ز	شکست	ظلم	قدرت	گ
دکان	زندگی	شفاء	ع	قبضہ	گرہ
دوستی	زوال	شروع	عام	قرق	گاہک
ذ	زمرّد	شریک	عیاں	قیافہ	ل
ذوالجلال	زمین	شمار	عرض	قریب	لاسا

لہو	مشورہ	مختلف	ن	نخلے	ھُدیٰ
لشکر	مدینہ	معلومات	نیلا	نرالے	ہمت
م	مسلمان	مواصلاتی	نظم	نقد	ی/ے
مقدور	منظر	مالیاتی	نوازش	نجی	یہاں
مہربان	میدان	مقناطیس	نفس	و	یورپ
مرکز	مجاہد	مشین	نظر	وبال	یکسوئی
مسکراتی	متوالے	مروّت	نبوت	واپس	یہودی
محال	مُشت	منادی	نگرانی	وغیرہ	
مکاں	معشوق	مول تول	نیزہ	وظیفہ	
مصطفیٰؐ	موبائل	مقدمہ	نازک	ہ	

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS